سرخ و فیروزہ چشم شیر خشم ہنگام رزم کچہ خوف نہین کرتے نر ہو یا مادہ دونون دل
کہولکر لڑتے ہین سمور سیاہ انکے نزدیک گنج و جواہر ہے اگر سمورون و سرتہو تو روسیون
سے صاف مشابہ ہون جب یہ لوگ خواب کرتے ہین تو درخت پر اوڑکر سمورون
کو شاخہاے بلند پر بچہا دیتے ہین روسی چروا ہے جب اودہر سے نکلتے انہین شکار
کرتے ہین جال مین پہنساتے ہین اگر کہین پہندے سے رہائی ہو شکار بیون
کا رشتہ حیات پارہ ہو خود شکار ہو جاوین اگر رشتہ قید سے رہائی نہو تو
پہسکر روس مین جاتی ہین آخر جب کوئی لڑائی درپیش ہوئی انہین لڑاتے
ہین فتح پاتے ہین بادشاہ اس اعجوبہ حکایت سے متحیر ہوا فرمایا اگر بخت
یار ہے دشمن کیا بکار ہے صبح ہوتے وہی قاتل خونخوار نمودار ہوا دیکہنے والون
کا رنگ رخ کبود ہوا ناگاہ وہی تیر انداز جسنے سیکڑون خون کیے تہے پہلوی

مخالف اس زد سے مغرور ہوا دور کی سوجھی لگی سکندر نے چاہا کہ خود بدولت
روبرو جائیے بخت بیدار کی یاوری آزمائیے ناگاہ قلب لشکر سے ایک طرفہ جوان
نہایت چست وچالاک خونریزی مین بے باک نمودار ہوا گھوڑا اور اسنے
روسی پر حملہ کیا تلوار جو چمکائی مخالف کی گردن جدا دکھلائی شیر غرین
کیطرح ہر طرف پھرتا تھا جلاد فلک کا دل اسکے دل گردہ سے ڈرتا تھا
جو سامنے آیا اوسنے عدم کو سدھارا اوٹھایا شام تک کسی نے چہرہ نہ دکھلایا
گردن کشی کو سر نہ اوٹھایا جب زنگی شب نے مشک افشانی کی وہ دلیر
شب کی سیاہی مین پنہان ہوا سکندر اوسکے تہور سے حیران تھا فرمایا اگر
حضور مین آتا نام بتلاتا گنج در گنج انعام پاتا

رزم دیگر

جسوقت قہرمان خاور زنی نیزہ شعاعی ہاتہ مین لیکر سلطان انجم شکوہ کے
مقابلہ پر صف آرائی کی ایک الاتی آفت ناگہانی کی طور پر میدان رزم مین
آیا کتنے رومی اور ایرانی خاک مین ملائے سکندری فوج کے ہاتہ پیر ڈہیلے
نظر آئے اوسوقت وہی سوار دیروزہ صف چیر کر تیر بخیطا کے مانند آپہونچا
کمان ابرو مین بل ڈالکر تیر جو مارا عدو کی چھاتی سے پار ہوا دشمن یہ قدرانداز ی
دیکھکر چلا اوٹھے جنہون نے گوشہ عافیت چھوڑ میدان کو باگ موڑ
مقابلہ کیا جان سے مارے گئے اس صفائی سے شست وشت درست
تہی کہ ادہر خانہ کمان سے تیر روان ہوا ادہر مخالفون کا لب زخم
خندان ہوا چندروز تک اس ترک جوان بخت نے پوشیدہ ہنر ظاہر کیے

روسی کی موت فی جلوہ دکھایا سر خود سر تن سے اوتار گیا تب الاتی فرنچہ نام
مقابلہ پر آیا آتے ہی وہ گرز مارا کہ مرغ روح نے قفس عنصری سے رہائی پائی
یہ دیکھکر نروہ جا پہونچا فرنچہ نے اسکا دست زور دیکھکر سپر لی مگر تیر قضا کی
روک نہوئی خدنگ سینہ سے پار ہوا دوا ایک اور بہی جو بدلا لینے کو آئے
مفت مین سر و تن گنوائے اوسوقت جرنم نامی ایک پہلوان نمود ہوا تروہ کا
چہرہ زرد ہوا اوسکی تیغ دل دوز سے کبود ہوا دوالی نے جو یہ بدفالی دیکھی للکار کر
روبرو ہوا جرنم کا جرم پارہ پارہ کیا اوسکا بہائی یہ سانحہ دیکھہ مقابل ہوا مگر
پلک مارنے مین جہنم داخل ہوا چندے اقبال نے جو ہاوری کی دوالی نے
چند دلیرون کو جان سے سیر کیا ناگاہ ایک روسی جودرہ نام دوالی کی جان ستانی
پر کمر ہمت باندہکر صف سے نکلا گہوڑے کو ایڑ بتلا ایک ایسا ہاتہ مارا کہ دوالی
کا سر زخمی ہوا سراپا خون سے سرخ ہوگیا مقاومت کی تاب نہ آئی میدان رزم
سے فرار ہوکر جان بچائی سکندر اسکی خستگی سے دل خستہ ہوا حکما کو فرمایا
نوشدارو کے تدبیر سے زخم کا اندمال کرین تیمارداری کا خیال ہوا

رزم دیگر

دوسری روز جسوقت سر برآرائے چرخ چارم نے دریچہ مشرق سے نکلکر
جہان افروزی کی وہی جودرہ پہر میدان آیا ہندی نے بہی پہر تیغ ہندی
اوٹہائی روبرو آیا چین بہ جبین ہوکر ایسا وار کیا کہ جودرہ کے دو ٹکڑے
ہوگئے اس فتح سے تعلی کی سوجہی ناگاہ طرطوس نام ایک روسی خون آشام
آدوچار ہوا شروع وار ہوا ہندی کی جان بری نہوئی بیچارگی سے جان دی

گذری فاعل سے مفعول ہوے یعنی کسی خونریز کے ہاتہ سے مقتول ہوئے
پہر کسی روسی نے گہوڑا دوڑایا چندروسیون کا خون جج کیا ہر ایک کا کلیجہ پانی
ہوگیا بڑہے ہوون کے دل گہٹ گیے روبرو جانے کا منہ نرہا روسی
اوسوقت اپنی سرخروئی سے مغرور ہوا ہر طرف کا وہ لگاتا تہا جوش نخوت کا وہ حال دکہلاتا تہا
یکایک ایک شہسوار رومیون کیطرف سے محشر کا آثار سمندر اہوار کو اوڑاکر روبرو ہوا
دوبدو ہوتے ہی گفتگو کی کہ اے بے آرزم ہنوز قاعدہ رزم پڑہا نہین دیکہتا تو
کیسا زیر کرتا ہون زبردستون کے دائرہ مین پیش قدمی کرنا اجل کا اشارہ
ہے روسی نے جواوسکے تیور دیکہے بزدلی سی چہاگیی نجات کا پہلو سوچکر
اپنے لشکر کو قدم اوٹہایا اس شیرزیان کو جویہ روگردانی معلوم ہوئی تعاقب
کنان ہوکر ایسا زخم مارا کہ لوک سنان پشت سے پار ہوا اوندہا جہنم
کیطرف جاگرا اس قوت بازو کو دیکہکر قنطال کا خویش گویال نام باہر نکلا
مگر جان بری نہوئی ستر روسی اسی رنگ سے ماری گیے قنطال اس کشت وخون
سے غضبناک ہوا زرہ پہن خود و مغفر لگا میدان ناورد مین آپہونچا
شمشیر بازی ہونی شروع ہوئی دیر تک حملہ آوری رہی آخر کو
شاہ روس نے ایک ہاتہ ایسا مارا کہ قسمہ باقی نرہا گردن سر سے الگ جا پڑی

رزم دیگر

تیسرے روز پہر وہی ہنگامہ زد وخورد کا نمود ہوا شش جہت سے
محشر کے آثار ہوے ایک دوسری سے دوچار ہوے رومیون کیطرف سے
ایک کینہ خواہ میدان کو سدہارا ادہر سے روسی بڑہا باہم دوچار ہا نہ ہوے

جب یہ دست برد ہوئی ہندی نام ایک خون اشام نے اسپ صرصر خرام کو
جولان دیا تیور بدلے چتون سے قہر اشکار پڑے سے نکل مخالف کے برابر
جا پہونچا ایک ہاتہ تلوار کا دست بخیر ایسا مارا کہ سر سم پر آپڑا دوسرا انتقام کو
سبک پا ہوا روبرو جو آیا قضا کا طپانچہ کہایا بے سروپا ہوکر راہ عدم لی پھر
تیسری کی باری ہوئی ہندی سے دوچار ہوا غضنفر کو دیکھتے ہی فرار کیا دشمن نے
جو جان گنوائی کسی کی ہمت نہوئی کہ سر اوٹھائے ہر ایک جی چرانے لگا ناگاہ
یکہ تاز فلک نے اس کشت وخون سے ہراسان ہوکر کنج مغرب مین منہ
چہپایا

رزم دیگر

جسوقت آفتاب جہانتاب نے شب کا نقاب چہرہ زیبا سے اوٹھایا اور
چرخ چہارم سے معرکہ سکندری کا تماشا کرنے لگا جنگ وجدل کی ٹھہری
لڑائی کے منصوبہ ہونے لگے ناموس طلبگار نامور دگاہ مین نقد جان کھونے لگے
ایلاقیون کی جماعت سے ایک شیر زیان سراپا پولاد مین نہان ہاتہ مین
خنجر دوزبان چاوش کمان گرم عنان ہوا پکارا جسے تمنائے اجل ہو
روبرو آئے حوصلہ رہ نجائے ایک رومی نے باگ اوٹھائی شومی تقدیر سے
منہ کی کہائی اورون کو ہیبت چہائی کسی کی مقابلہ پر ہمت نہ آئی ناگاہ ایک
نرہ شیر ازبس دلیر قلب گاہ سے رجز ہانخوت سے کہا خبردار ہو اجل کا سامنا
ہے یہ کہکر گرز گران جو مارا اوس مست ہاتہی کا کلیجہ پہاڑا اوسکی علاوہ والے
دیت خواہ ہوے الاتباہ ہوے جسوقت اعتدال سے حضرت کی جنگ وجدل

بات ہے ادہر سکندر نے قدرخان چینی اور گورخان ختنی اور رئیس مداین
اور سید یمنی وغیرہ سرداران نامی سے فرمایا کہ روسیون کی وضع سے رہزنی
پائی جاتی ہے مکروفریب کی گون گھات ہے زنگیون کے روبرو انکا کچھ زور
بازو نہین انشا اللہ کلہ صبح دیکھیو کہ یہ لاانتہا انبوہ کیسا عاجز اور ستوہ ہوتا ہے

جنگ اول

لکھا ہے کہ صبح ہوتے طرفین سے دریاے وغا نے موج ماری شطہ رنج وعناد
مواج ہوا خون بہانیکی تدبیر ہونے لگی گرز وسنان چمکنے لگے جوانان قوی تن
سر سے تا پا غرق آہن ہوکر شجاعت کی آب دکھلانے لگے سکندر فی بڑی شان
وشکوہ سے فوج آرائی کی میمنہ پر دوالی اور ایرانی میسرہ پر قدرخان اور
فغفوری محافظ بنے روبرو پیلان پولادپوش جنکے عقب مین جوانان عذرخروش
تھے ادہر روسیون نے اپنا لشکر بڑے آن بان سے جمایا کروفر دکھلایا حرزرانی
راست پر کج منشی دکھلانے لگے دست چپ کے جانب پر طاسی آنی جانے لگے
الانی جناح کیطرف دوربازو پر مغرور تھی فتح ونصرت کے پرچم کھلے باجے بجے جوانمردون
نے تلوار باڑہ دار کا گھاٹ پایاب سمجھا شجاعت کی لہر مین نہنگ ہوکر بحر وغا
کی تہاہ لینے لگے برچھی کی سنان ماہ سے ماہی تک پہونچی ناگاہ ایک طاسی
روسیون کی صف سے نکل سر میدان آیا ادہر سے ایک رومی فی قدم بڑھایا
مگر اجل نے ٹھوکر دی ایک زخم کے کھاتے خانہ زین سے بروے زمین آیا
دوسرے کو ہمدردی نے ستایا مدد کو آیا مگر سر دست زندگانی سے ہاتہ اوٹھایا
اسیطرح شرجرار رومی خنجر گذار اوسکے ہاتہ سے ہاتھون ہاتہ مارے گئے

کچھ کام نکیا اور ایک پارہ سنگ سے نقش مراد درست ہوا حکیم مذبور ملتمس ہوا
کہ زنان حقیقتاً از بسکہ سنگدل ہین اونکا کلیجہ کسیکی چھیڑون سے پانی نہوا
طبیعت نہ لہرائی کہ پردہ پوشی کرین آخر جب پتھر کی حیا دیکھی اونکو بھی حیا
آئی صورت چھپائی ۔

روسیون کی تنبیہ پر سکندر کا عزم بالجزم فرمانا

دم سحر شہریار فیروز اختر مع لشکر ظفر پیکر رہ نورد ہوا جاتے جاتے روسیون
کے نزدیک جب جا پہونچا ایک مرغزار پر بہار مین لب دریا قیام فرمایا
خیمہ استادہ ہوے عمدہ عمدہ موقع پر مورچے لگائے بڑی دبدبہ کے
دمدمہ بنائے لڑائی کی گھاتین درست ہوئین نامردون کی جراتین سست
ہوین حفاظت کا سامان ہوا تلایہ پھرنے لگا جاسوس چھٹے دن مین
شبخون کا بچاو کیا رات کو خبرداری ہونی لگی روسیون کو خبر پہونچی
کہ سالار روم لشکر بیکران سے آپہونچا دلیران شمشیر زن بیشمار تہمتنان
جرار ہزار در ہزار ہمراہ ہین پیلان جنگی سیکرون رکاب مین سدپناہ ہین
قنطال جو روسیون کا سردار تہا اس خبر سے نولاکہہ فوج لیکر اوٹھہ دوڑا
لشکر سے کہا کہ ناز فروشان رومی کی یہ جرات کہان کہ روبرو آئین اور
اپنے شتر غمزہ بھول نجائین خدا نی روسیون کی امداد کی کہ ایسی چلاوت
غذا نظر آئی اگر ہمنے فتح پائی اسقدر جواہرات و اسباب شاہانہ ہاتہ آیا
ہفت اقلیم پر تاجداری کرینگی ایسی باتون سے لشکر کا دل بڑہایا اوسیوقت سپاہ نے
عہد کیا سوگند درمیان آئی کہ ایفاے عہد زندگی کے ساتہ ہے بات رہجائین

یہ بیحجاب بے پردہ ادہر اودہر چلتی پھرتی نظر آئین حسن جمال وہ کہ فرشتہ خان کا
وضو ٹوٹ جائے آتش حسن سے پری زادون کے پر جلتے تھے بنی آدم کی
کیا جان تھی لشکریون نے جو یہ حورستان دیکھا جوش جوانی مین آکر آنکھہ ڈالنے لگے
ایک تو جوانی دیوانی مشہور ہے دوسری سپاہی کا فرقہ معاذ اللہ ایک تو کریلا
کڑوا دوسرا نیب چڑھا مگر خوف شاہی سے ہر ایک کا کلیجہ پانی ہوتا تھا
جی ہی جی مین ہوس بجھاتے تھے سکندر نے جو یہ تیور دیکھے انداز بدلا یا یا
ایک تو عورت یون ہی بد ہے کہ عورت و مرد کا یکجا ہونا ننگ و ناموس سے
خالی نہ ہونا ہے نہ کہ بے پردہ اگر پردہ دری نہو پردہ تقدیر کی پردہ پوشی ہی ورنہ
صاف ظاہر ہے کہ جہان عورت پردہ سے باہر آئی پردہ فاش ہوا
نظر بران بادشاہ نے ایکروز روساے خفچاق کو طلب کر کے فرمایا کہ بی پردگی
بُری ہوتی ہے انسان کی آبرو کھوتی ہے عورت کو پردہ ضرور ہی خفچاقیون
نے جواب دیا کہ یہ ہمارا آئین ہے جسے شرم آتے وہ اپنی آنکھہ پر پردہ لگائے
مگر یہ ناممکن ہے کہ ہم اپنی رسم و راہ چھوڑین بادشاہ نے جو دیکھا کہ یہ نالائق
ہماری نصیحت نہین مانتے بلیناس سے فرمایا کوئی ایسا سحر دکھلا کہ بیحیایون کے
دیدون مین شرم و حیا پدیدار ہو پردہ کی رسم آشکار ہو بلیناس نے جوابدیا
کہ انشاءاللہ آخر کار ایک زیبا صورت پتھر کی مورت بنا کر سر راہ استادہ کی
عروسانہ سج دھج بنا چہرہ پر نقاب ڈالی اب جو عورت ادہر سے نکلتی اس
نقش فریب کو دیکھتی ہے شرماتی چادر سے منہ چھپاتی رفتہ رفتہ گھونگٹ
ہونے لگا وہ رونمائی تو ہی بادشاہ نے بلیناس سے پوچھا کیون جی ہماری نصیحت نے

جو ہنگام رزم رستم دستان کی چال بھولائی شیر زآنکھہ نہ ملائے سکندر نے
دو صفت کا امتحان لیا شجاعت کا بھروسہ نہوا کہ عورتونکی مردانگی معلوم
کاغذ کی سپر پر تیر و تلوار کا وار روکنا مفہوم غرض جب دعوت سے فراغت
ہوئی اپنے خیمہ گاہ کو معاودت فرمائی لونڈی کو پردہ مین بند کیا آخرکار سکندر
نے وہان سے کوچ فرمایا خاقان کو رخصت ملی راہ طے کرتے سیر و شکار
مین عشرت اوڑاتے گرم سفر ہوا ماوراالنہر پہونچکر اکثر نئے شہر بسائے
اوسی ضمن مین سمرقند بھی آباد فرمایا

درپیش آنا روسیون کا مقدمہ اور اوسکی تدبیر فرمانا

ایک روز سکندر کے دل مین ہوائے وطن ہوئی کہ اپنے ملک کو چلے جائے
بازی کا میدان دیکھے آخر یہ ارادہ مصمم ہوا کہ دم سحر سفر ہونا گاہ دیوانی عام
حاکم انجاز نے فریاد مچائی کہ ہنگام مدد ہے روسی ادہر آگئے خونریزی شروع
کی آبادیان ویران ہوچلین پرانے کینہ نکالتے ہین ننگ و ناموس کے
خواہان ہین انجاز کی خرابی جوازر کھکر بروع پہونچے نوشابہ کو قید کیا اوسکا
بھی ملک و مال تباہ ہوا عین نوش مین یہ نیش درپیش ہوا بندہ فی بیباک کر
جان بچائی زن و بچہ قید مین مبتلا ہین اگر درگاہ والا سے چارہ جوئی نہوئی
عنقریب روم مین بھی ان شومیون کے سبز قدم جا پہونچینگے سکندر نے
جو یہ ماجرا سنا فرمایا جبتک ان سیہ بختون کی مکافات نہو واللہ آرام نہین
صبح ہوتے سواری فرمائی خوارزم و بابل ہوتے سقلاب کے جنگل مین وارد ہوا
یہان عجب بھیائی دیکھی کہ قوم خفچاق کی عورت جمیلہ اور شکیلہ بے باکانہ

خاقان چین نے حاضر ہوکر التماس کیا کہ ہرچند میرا وہ منہ نہین کہ حضور کو
غریبخانہ چلنے کی تکلیف دون مگر ع شاہان چہ عجب گر بنوازند گدارا ؛ سکندر
نے دعوت قبول کی رونق افروز ہوا خاقان نے وہ تیاری کی کہ سبحان اللہ
قدسی درود پڑہتے تھے کروڑون کے تحفہ جات نذر ہوے سب مین منتخب
تین شے تہین اول سمند صرصر خرام صبا تک جسکے ڈپٹ سے وہم وگمان
کے گھوڑے خاک مین ملتے تھے ہوا کا دم اوسکا دم دیکھکر ٹوٹا جاتا تھا پویہ کے
روبرو آہو کا ہوش رم ہو چوکڑی بھول جائے عنقا ہی نظر کی کیا بساط
کہ اوسکی ہمدمی کا رخ کرے اور ٹوہا ہمی حیال مین مات نہو الملق لیل ونہار
اوسکے لحاق مین رات دن چکر کہاتا رہا مگر سایہ بھی ہاتہ نہ آیا چلا وہ سا
ادہر اودہر نکل گیا دوسرا مرغ شکاری غضب کا آہنی چنگال شوخ چشم
سیمرغ شکار جسکے ناوک ناخن کے خوف سے مرغ روح قفص عنصری
مین لرزان رہے طائر وہم وگمان اوسکے روبرو بال وپر ناری تیسری
کنیز باتمیز سیہ چشم شوخ رو گل اندام مشکبو لالہ فام مہر وماہ سے دوچند
عابد فریب زہد شکن رو کش لعبتان چین ولندن سر سے پیر تک قیامت
کا انداز ہر ناز ونیاز مین عجائب اعجاز بہ برس پندرہ ایک کا سن وسال
نہایت حسین اور صاحب جمال ؛ خاقان نے سکندر سے کہا کہ یہ تحفہ نادرات
زمانہ ہین ایسا راہوار صبا رفتار پیر گردون کی نظر سے نہین گذرا یہ عنقا
خیال نے ایسا مرغ فلک پیما دیکھا نہ سامعہ نے سنا کنیز بہی نادر العصر
تین صفت مین فرد ہے اول خوبروئی دوم خوش گوئی تیسری زور آزمائی

خانہ زین پر زیب افروز ہوا لشکر لیکر اوٹھہ دوڑا شاہ چین کی سست عہدی کا
خیال جو آیا آنکھون مین شجاعت کا نشہ لہرایا فوراً آگ اوٹھائی خاقان نے
جو یہ خبر پائی کہ سکندر نے لڑائی کو صف آرائی کی گھوڑے کو بڑھا صف سے نکل
آواز دی کہ بادشاہ کون ہے ادہر آئے جمال باکمال دکھلائے سکندر نے آواز
پاتے توسن خوشخرام کو چھیڑا زبان پر یہ چند کلمہ آئی کہ چینیون مین مردی نہین عہد
وفا کے سست ہین گو دیکھنے مین چست ہین اے بدکار اول مجھسے عہد کیا سوگند
کہائی جب سلامتی سے گھر کی راہ پائی مخالفت دکھلائی خیر ہمین کیا دیکھہ
پیمان شکنی مین کیسی گردن توڑی جاتی ہے سپہدار چین نے کہا کہ یہ ناحق کا
عتاب ہے بندہ عہد شکن نہین اوسی عہد پر کمر بستہ ہے ہان اس تگ وتاز سے
یہ مدعا تہا کہ میرا بہی شان وشکوہ ملاحظہ ہو اب معائنہ فرمائیے کہ فوج کی کثرت سے
زمین تہراتی ہے آسمان کا دہوان اوڑتا ہے مگر تیری نصیب نے صلح کرائی تقدیر
نے گردن کشی بہولائی یہ کہکر گہوڑے سے اوتر سکندر کیجانب چلا بادشاہ شہسوار نے
جو دیکہا کہ شاہ چین پیادہ پا آتا ہے گہوڑا منگا سوار کرایا دخل بکمالہ کا لینا بہی معاف
فرمایا فوج کو صلح جو معلوم ہوئی کمر کہول ڈالی باہم شیر وشکر ہوئے خوب جشن اوڑائے
سپہدار چین نے عمدہ عمدہ خورش بہجوائین ہر روز صبح وشام ضیافین فرمائین
لیل ونہار باہم گرمخوار رہتے ہر وقت اندر سبہا کا سامان موجود تہا ایکروز چینی
اور رومی مناظرہ پر آمادہ ہوئے ہر ایک نے اپنا نقشہ جمایا مصوری دکہلائی آخر
کو یہ بات قرار پائی کہ رومی کی صورتگری عمدہ ہی مگر چینیون کی صیقل سے اونکی
چمک نمود ہوتی ہے الغرض چند روز اسی عیش وعشرت مین کٹی ایک روز

خاقان چین

خاقان چین نے حاضر ہوکر التماس کیا کہ ہر چند میرا وہ منہ نہین کہ حضور کو
غریبخانہ چلنے کی تکلیف دون مگر ع شاہان چہ عجب گر بنوازند گدارا ؛ سکندر
نے دعوت قبول کی رونق افروز ہوا خاقان نے وہ تیاری کی کہ سبحان اللہ
قدسی درود پڑہتے تھے کروڑون کے تحفہ جات نذر ہوے سب مین منتخب
تین شے تہین اول سمند صرصر خرام صبا تک جسکے ڈپٹ سے وہم وگمان
کے گھوڑے خاک مین ملتے تھے ہوا کا دم اوسکا دم دیکھکر ٹوٹا جاتا تھا پویہ کے
روبرو آہو کا ہوش رم ہو چوکڑی بھول جائے عنقا ہی نظر کی کیا بساط
کہ اوسکی ہمدمی کا رخ کرے اور ٹڈہا ہی جال مین مات نہو الملق لیل ونہار
اوسکے لحاق مین رات دن چکر کہاتا رہا مگر سایہ بہی ہاتہ نہ آیا چلا وہ سا
ادہر اودہر نکل گیا دوسرا مرغ شکاری غضب کا آہنی چنگال شوخ چشم
سیمرغ شکار جسکے ناوک ناخن کے خوف سے مرغ روح قفص عنصری
مین لرزان تہ ہے طائر وہم وگمان اوسکے روبرو بال وپر ناری تیسری
کنیز باتمیز سیہ چشم شوخ روگل اندام مشکبو لالہ فام مہر وماہ سے دو چند
عابد فریب زہد شکن رو کش لعبتان چین ولندن سر سے پیر تک قیامت
کا انداز ہر ناز ونیاز مین عجائب اعجاز ؛ برس پندرہ ایک کا سن وسال ؛
نہایت حسین اور صاحب جمال ؛ خاقان نے سکندر سے کہا کہ یہ تحفہ نادرات
زمانہ ہین ایسا راہوار صبا رفتار پیر گردون کی نظر سے نہین گذرا نہ عنقا
خیال نے ایسا مرغ فلک پیما دیکہا نہ سامعہ نے سنا کنیز بہی نادر العصر
تین صفت مین فرد ہے اول خوبروئی دوم خوش گوئی تیسرے نوآزمائی

خانہ زین پر زیب افروز ہوا لشکر لیکر اوٹھہ دوڑا شاہ چین کی سست عہدی کا
خیال جو آیا آنکھون مین شجاعت کا نشہ لہرایا فوراً گاگ اوٹھائی خاقان نے
جو یہ خبر پائی کہ سکندر نے لڑائی کو صف آرائی کی گھوڑے کو بڈھا صف سی نکل
آواز دی کہ بادشاہ کون ہے ادہر آئے جمال باکمال دکھلائے سکندر نے آواز
پائے تو سن خوشخرام کو چھیڑا زبان پر یہ چند کلمہ آئی کہ چینیون مین مردی نہین عہد
وفا کے سست ہین گو دیکھنے مین چست ہین اے بدکار اول مجھسے عہد کیا سو گند
کہائی جب سلامتی سے گھر کی راہ پائی مخالفت دکھلائی خیر ہمین کیا دیکھہ
پیمان شکنی مین کیسی گردن توڑی جاتی ہے سپہدار چین نے کہا کہ یہ ناحق کا
عتاب ہے بندہ عہد شکن نہین اوسی عہد پر کمر بستہ ہے ہان اس تگ وتاز سے
یہ مدعا تہا کہ میرا بہی شان وشکوہ ملاحظہ ہو اب معائنہ فرمائے کہ فوج کی کثرت سے
زمین تہراتی ہے آسمان کا دہوان اوڑتا ہے مگر تیری نصیب نے صلح کرائی تقدیر
نے گردن کشی بہولائی یہ کہکر گہوڑے سے اوتر سکندر کیجانب چلا بادشاہ شہسوار نے
جو دیکہا کہ شاہ چین پیادہ پا آتا ہے گہوڑا اسکا سوار کرایا دخل بکسالہ کا لینا بہی معاف
فرمایا فوج کو صلح جو معلوم ہوئی کمر کہول ڈالی باہم شیر وشکر ہوئے خوب جشن اور آئے
سپہدار چین نے عمدہ عمدہ خورش بہجوائین ہر روز صبح وشام ضیافتین فرمائین
لیل ونہار باہم گرمیخوار رہتے ہر وقت اندر سبہا کا سامان موجود تہا ایکروز چینی
اور رومی مناظرہ پر آمادہ ہوئے ہر ایک نے اپنا نقشہ جمایا مصوری دکہلائی آخر
کو یہ بات قرار پائی کہ رومی کی صورتگری عمدہ ہی مگر چینیون کی صیقل سے اونکی
چمک نمود ہوتی ہے الغرض چند روز اسی عیش وعشرت مین کٹی ایک روز

خاقان چین

درکار ہو بندہ فرمان بری مین حاضر ہے اگر معاف رہے حضور کا جاکر ہی سکندر
مجیب ہوا البشرطیکہ ہفت سالہ کا مداخل ہمارے نذر کرو اپنے تخت و تاج پر قابض
رہو خاقان نے جواب دیا اگر ہفت سالہ خراج چاہتے ہو اوسکی عوض مین
ہفت سالہ زندگانی کا قبالہ لکھدو سکندر اس جواب سے مسرور ہوا فرمایا
تیری طرز گفتار پر تجھ برس معاف کیے مگر یکسالہ روپیہ ضرور لونگا خاقان نے
دعا و ثنا کی عہدنامہ کی التجا کی باہم صدق و صفا کے پیمان ہوئے سکندر نے
رہائی کا حکم دیا اوسنے آزاد ہوکر اپنے لشکر کی راہ لی

آنا خاقان چین کا مع لشکر با شوکت و شان سکندر کی ملاقات کو

جسوقت خسرو خاور خیمہ زرنگاری مشرق سے زرق برق ہوکر تحیر
افزاے چشم تماشائیان ہوا سکندر نے خاقان کے اعتماد پر جنگ کا
خیال دور کیا نوشانوش مین مسرور ہوا جام و مینا سے صحبت سونی
میگساری مین مصروف ہوا بادہ خوشگوار کی کیفیت مستی لاتی تھی دختر رز
کی جھلک پری پیکرون کی لذت یاد دلاتی تھی ناگاہ مخبرون نے خبر پہونچائی
کہ اب چنگ و رباب سے دست بردار ہو جیے دشمنون نے ہانہہ پیر مارنے
وغا کے تیلی بڑی آن بان سے چلی آتے ہین چینیون کی کثرت نے زمین ہلادی
خورشید انور کی چمک دمک خاک مین ملادی سوار و پیادی جنگ کی آمادے
دریاے آہن مین غرق ہتیار لگائے گھوڑے بڈھائے چلے آتے ہین
کوس و کرنا کی گرج سے رعد کی کلیجہ مین شگاف ہے دشمنون کی آنکھہ
بدلی ہے کوئی گھڑی مین مطلع صاف ہے سکندر اس خبر سے تحیر ہوکر مجلس سے اٹھا

پھنکر سکندر کے لشکر کی راہ لی در دولت پر آکر خبر کرائی جب اجازت ہوئی اندر
جاکر گردن جھکائی اور خاموش ہوکر کھڑا ہوا بادشاہ نے فرمایا راز دل عیان کر
اوسنے عرض کی جلوت مین راز سربستہ قابل اظہار نہین خلوت درکار ہے
سکندر اس التجا سے متحیر ہوا تخلیہ فرمایا مگر تلوار روبرو رکھ لی اوسکے پیر مین
بیڑیان ڈلوائین اوسوقت فرمایا کہ اب مدعا اظہار کرے اوسنے دعا و ثنا
کی بعد عرض کی جان بخشی کا وعدہ ہو بعدہ یہ زبان پر لایا کہ بندہ خود خاقان
چین خادم شہریار روے زمین ہے سکندر نے جو چینی کی یہ گستاخی دیکھی
غضب ناک ہوکر فرمایا کہ تو نے مجھے حقیر سمجھا فریب دہی مین دلیر ہوا تو لاد روم
کو موم سمجھا تیری آنکھون مین چربی چھائی کہ بے ادب ہوکر آنکھ اوٹھائی ہمارے
زور بازو سطوت شاہی کا خوف نکھایا بے باکانہ خلوت مین چلا آیا خاقان
چین نے التماس کیا جب کوئی مفر نظر نہ آیا درگاہ والا مین پناہ لایا
دنیا مین رسم ہے کہ افتادہ کے مقابلہ پر کوئی کھڑا نہین ہوتا مو قلم
خنجر کے تراش سے آزاد ہے جب مجھے آپ سے ستیز نہین دل مین
اندیشہ خونریز نہین میزبان کشتی کس ملت مین روا ہے بیدست و پا کی
دستگیری ہر مذہب مین بجا ہے سکندر نے جو یہ شیرین بیانی سنی تلخی فرو
ہوگئی مصری سے دل من گھلنے لگی یون شکر فا ہوا کہ مرحبا خوب آئے
اس حاضری نے معافی قصور کی شفاعت کی اب راز دل بیان کرو کہ
اس جسارت مین کیا ارادہ کیا تھا اوسنے کہا تا حضور کی رونق افروزی کا
موجب دریافت کرون جدھر خواہش ہو اوسکی کوشش ہو اگر تخت

مگر ہمارے اقبال کی خبر نہین کہ کیسے کیسے گردن کش خاک مین ملائی کتنے خون
بہائے اتصاے زنگ کا نیرنگ دارا کی جنگ کا رنگ سنا ہوگا کید نے جو کید
وفریب چھوڑا راستی سے منہ نموڑا عزت پائی غور نے غرور کی جولی بھرا جان
گنوائی اپنا تو یہ وتیرہ ہے کہ جو راستی دکھلائے وہ سرنرنش ہی آزادی پائے
کج نہادی مین بربادی ہاتہ آئے بہبود چاہو تو اطاعت کرو حاضر ہوکر رفع شکایت
کرو ورنہ یاد رکھنا تخت ہو نہ تاج ہو تو روٹی کا محتاج ہو۔ جب یہ نامہ شاہ چین نے
پڑہا دل ہی دل مین کڑھا آغاز و انجام پر خیال کرکے یون جواب لکھا نامہ
نامہ والا نے توقیر افزائی کی مضمون کے دبدبہ سے حیرت آئی کہ ہماری تمہاری
خاک سے نژاد ہے حرص وہوا نقش برآب زندگی کی ساتھی شان وشکوہ
دکھلانا خودی پر آنا فقط کہنے کی بات ہے انجام کو خاک مین گذار ہے خاکساری
پر مدار ہے ہم خوب جانتے ہین کہ آپکی لڑائی چل بل سے ہوتی ہے جہان
جاتے ہو وہان خفیہ جنس خورش خرید فرماتے ہو جب دانائی سے دریافت ہوا
کہ ایک دانہ باقی نہین چڑہائی کی ناوانون کی ہر بہ سانی اور سراسیمگی نے
فتح دلائی ہر چند یہ آپکی گت دم نمائی ایک جو بھی یہان سبز نہوگی مگر لڑائی
سے کیا غرض آخر کو خونریزی کا حساب کسکے اعمال نامہ مین لکھا جاے گا
تماشا دیکھنے والون کا کیا جاے گا پس صلح سے بہتری ہے مدارا چاہتی ہین
ہمارا آنا پیشوائی سمجھو لڑائی سے بی اعتنائی ہے زیادہ والسلام
جسوقت یہ مضمون مصالحت مشحون سکندر کے گوش گذار ہوا بشاش ہوکر
عیش ونشاط مین مصروف ہوا دوسری روز خاقان چین نے قاصد نامہ لبا

مین اوترا ہے فور و فغفور کا سلوک جو سنا گبر ایا ہر طرف کے مرزبان کو تحریر کیا کہ
چین پر آفت آئی ہے بلاے ناگہانی آشکار ہوئی ہنگام مدد موقع عقدہ کشائی ہے
اس خبر سے بہت سا لشکر جرار ہر طرف سے حاضر ہوا سپاہ کا ہجوم ہونے لگا
جب بڑھی تو زک اور دبدبہ کا سامان ہاتہ لگا دھوم دہام سے سوار ہو کر سکندر کے
لشکر سے دو کوس پرے اکر خیمہ جمایا مگر یہ اندیشہ سوار رہا کہ دیکھیے زمانہ کس کروٹ پر
آرام کرتا ہے کسے زک دیتا ہے جاسوس مقرر کیے کہ سکندر کی خبر لائین انہون
نے خبر دی کہ سکندر نہایت دلیر ہے ہنگام رزم نرہ شیر ہے اوسکی شوکت و
شکوہ سے چرخ برین ستوہ ہے لشکر کا ہزار در ہزار انبوہ ہے عدالت اور شجاعت
مین یکتا روزگار ضعفا پروری مین نامدار سرکشون کیواسطے خنجر گذار ہے
جسنے اطاعت کی اوسپر مہربان ہوا جدہر سے گردن کشی پائی اوسکا عدو
جان ہوا خدا کی عنایت ہے جدہر عزم کیا فتح پائی سپہر تقدیر کی حمایت ہے
جب سکندر نے سنا کہ خاقان چین فوج لیکر سدراہ ہوا خشمناک ہو کر فرمایا کہ
اس چینی کی چین جبین نوک خنجر سے کہولون گا اول نامہ تہدید رقم کرو
رزم و بزم کی عبارت ہو دبیر جادو تحریر نے پرچہ حریر پر یون شعبدگری کرنا شروع کی نامہ
کہ بلند دولت بعزم رزم ایران زمین سے ادہر نہین آئے لڑائی کے ترنگ مین
اس سرزمین پر خیمہ نہین لگائے فضاے صحرا بسکہ پسند ہوئی خاطر اس
ہمیشہ بہار سے خرسند ہوئی خاقان چین کے مہمان بنے چند روز رہکر کسیطرف
چلے جائینگے آپکا کچہ بگاڑ نہ جائینگے عجب ہے کہ اپنے لشکر کشی کی راہ رو کی
مماثق کو گمراہ ہوے میزبانی کی شرائط خوب ادا کی ہان ہم مہمان خواندہ ہے

رازنہانی اوسکی عقل پر آشکار ہے چوتھا حکیم جو حضرت عیسیٰ کی مداوا کا دم بھرتا ہے
بیمارون کے حق مین مسیحائی کرتا ہے ایلچی نے کہا اگر تم یہ اربعہ عناصر زمانہ کے
نادر روگی کبھی ذلیل نہوگے بلکہ عزت یلیگی حرمت ہاتہ لگی گی کیدنے ایک قاصد
اپنی طرف سے اوسکے ہمراہ کیا پیام سکھلادیا جب یہ مژدہ سکندر کی گوش
آشنا ہوا صلح و آشتی درمیان آئی تحریر فرمایا دلجوئی کا وعدہ کلہایا۔ نامہ
مخفی نرہے کہ یہان تیغ و خنجر تیار تہا دل عالی نادر و طبعگار تہا مگر تیری
نیازمندی نے گردن جہکائی مصالحت کی مصلحت ہوئی اب شایان تاجداری
یہی ہے کہ ایفاے عہد مین تکرار نہو تاکہ نوعدیگر انجام کار ہو کید ہندی نے
جو ایسی پادشاہ کو اپنی کید ہی ہندو پایا فوراً چار و تحفہ مع دیگر ساز و سامان کے
ارسال فرمائی سکندر نے ہر چہار کا امتحان لیا صورت و سیرت نادرہ
روزگار پائی پر ہی پیکر کی صحبت سے حظ نفس اوٹہایا ہر طرف کو فتحنامہ لکہا
ورسر خوش تدبیر کو بہی نوید کہجوایا اور اوس لعبت ہندی کو روانہ ہونا فرمایا

خاقان چین کا دربار سکندری مین اکر سرفراز ہونا

جسدم کید کی سہ آگہندگی سے خرسندی ہوئی فور ہندی کا معرکہ روبرو
ہوا فوراً سر اوتار اپنا کام کیا آگے کا راستہ لیا شتابی کا یہ باعث ہوا کہ
ہر روز گہوڑے مرنے لگے گہوڑے کے حق مین ہندوستان کی خاک سم ہے
المختصر تبت ہوتے چین کے گرد و نواح مین آیا یہان کا فضای صحرا
پسند فرمایا ایک مہینے مقام ہوا گلگشت بیابان صید و شکار سے کام ہوا
رفتہ رفتہ خاقان چین نے یہ خبر پائی کہ سالار روم کا لشکر بڑے کروفر سے اس مرز و بوم

چڑھائی کی اوسکا سر نیچا ہوا

ہندوستان مین آنا سکندر کا اور کیدکا اطاعت کرنا فور کا مرنا

جسوقت ترکون پر فتح پائی ہندیون کے رام کرنے پر طبیعت آئی ہندوستان کو کوچ کیا کید ہندی کو پیام دیا کہ اگر عزم جنگ ہو تو میدان حاضر ہے اگر صلح و آشتی کی ترنگ ہو سامان شیشہ و ساغر ہے جو ارادہ جدہر طبیعت کا میل ہو جلد اظہار کرو دعوت یا عداوت کا سامان تیار کرو یہان چندروز ہوئے تھے کہ کید نے ہولناک خواب دیکھا تھا دوسری دارا کا معاملہ عین بیداری مین آنکھون سے دیکھا کانون سے سنا تھا اب جو یہ پیام گوش زد ہوا زمانہ کے انقلاب سے کان کھڑے ہوئے دوراندیشی سے کام لیا جواب دیا کہ ہمین بجز اطاعت خیال نہین عدول حکمی کی مجال نہین بہرحال تا بعدار ہین جسکے نسبت ارشاد ہوا اوسے تخت و تاج حوالہ کرون اگر بندہ کو معاف ہو شرفا پروری سے بعید نہین المختصر شور و شر کی آرزو نہین رزم و پیکار کی جستجو نہین اگر خواہی نخواہی جنگ کروگے زور جادو دکھلاوگے بھاگ جاؤ ہان بشرط امن و امان ایک عہد استوار ہے کہ اگر آپ قول کیجیے سوگند دیجیے عہد نامہ تحریر فرمائیے مری جان بخشی کا اطمینان دکھلائیے ایسی چار چیز پیشکش کرون جسکا ثانی شش جہت مین نہین ہر ایک شے اپنی یکتائی مین گواہ ہے اول دختر پری پیکر جسکے روبرو خورشید کا رنگ زرد ہے حور و غلمان کا حسن و جمال گرد ہے دوسری جام نوشین جو تمام عالم کو سیراب کرے اور خود پر آب رہے تیسری فیلسوف جو گردش ایام سے خبردار ہے

اصطرخ کا سفر اور انتظام حاکم رے کا انتقام

لکھا ہے کہ جب سکندر نے جام خسروی دیکھکر کوچ فرمایا اصطرخ سے ایک سفیر آیا اوسنے کہا کہ آجتک حسب الحکم انتظام کیا کسی طرح برخلاف راہی عالی کوئی کام نہین ہوا عدل و عدالت کا اہتمام کیا مگر اب شورش اوٹھی ہے خیدسیہ کار خیانت پرستی کو تیار ہین جو ہای بیکار ہین ہمارے پاس ایسا لشکر نہین کہ مخالفین کی تنبیہ کرین اگر فوج شاہی مدد فرمائے مدعای دلی بر آئے سکندر اس کج اہنگی سے جو باخبر ہوا سیدہی غنیم کے جانب راہ لی کوچ درکوچ روان ہوکر گیلان آیا آتش پرستون کا منہ آتش غضب سی جھلسایا زرتشت کے دین مین آگ لگائی شور و فساد کی شر ریزی بجھائی وہانسے ری آیا دشمن پر جب یہ حال کھلا خوف نے ڈرایا روباہ بازی بھولی گیدڑ بھبکی فراموش ہوئی لاچار چاہا کہ کسی چوہے کی سوراخ مین جاکر اپنا ناموس بچائے جبلی عادت سے ہاتہ اوٹھائے سکندر کے کان مین جو یہ بھنک پڑی اوٹھہ جھپٹا سراغ لیتے ہوے شبخون کیا بدخواہ کو روز سیاہ دکھلایا خودسری کا تماشا نظر آیا تن ناپاک سے سر علیحدہ ہوا بعد فتح نیشاپور آیا یہان طرفہ معاملہ دیکھا کہ ادہا شخص بدخواہی پر آمادہ ہے پس کدو کاوش بیکار جانی بیکار سے ہاتہ اوٹھایا بیشتر کو کام فرسا ہوا مروان آیا ہیربد کی آگ سرد کی اور کشسپ کی مال و متاع پر دست برد کی روپیہ پیسا زر جواہر بہت کچہ ہاتہ لگا خراسان کا راستہ لیا غزنین وغور ہوتے ہوے جا پہونچا سبحان اللہ تقدیر بہی کیا چیز ہے جدہر سکندر نے رخ کیا کسیکی بساط نہوئی کہ مقابل پر گھوڑا اوراٹی جسپر

خدام محل خدمت مین ہمراہ جائین بادشاہ بلند اقبال دو چار خدمتگذار ہمراہ لیکر
گیندز رنگار کے دید بہار کو آگے بڑہا وہان پر عروسان مہ جبین فی خاصہ کہلایا
آگے بڑہکر تخت خسروی کے قریب آیا پاس ادب سے جانب پائین
سر جہکایا در و دیوار سے مبارکباد کا شور اوٹھا آخرکار تخت پر قدم رکہا
تختہ چوب کا پایہ بڑہایا کرسی نے سر جہکایا محافظ فی وعادی کہ چار دانگ
عالم کا فرمان روا ہو بعدہ جام منگا شراب ریحانی سے لبریز فرمایا کیخسرو کی
یاد مین نوش کیا دنیاے بیوفا کیطرف جب دہیان آیا خروش کیا
ساقی کو انعام عطا فرمایا بلیناس کو اوس جام کے خطوط دکہلائے مگر
مطلب حل نہوا صرف اونکی شکل وصورت یاد کرلی آخر کو روم مین پہونچکر
اصطرلاب بنایا تہا غرضکہ تہوڑی دیر مین تخت سے اوتر بلیناس حکیم سے ایسا
طلسم بنوایا کہ جو کوئی زیادہ دیر تک اس تخت پر بیٹہنے کا قصد کرے وہ طلسم اوسکو
نیزہ تختہ زمین پر گراوے سنا ہے کہ ہنوز یہ نیرنگ قائم ہے آخرکار سکندر
غار کے دید کو سدہارا راہ سخت تاریک بال سے باریک تہی بڑی مشکل سے
اوس شگاف مین در آیا جب لب غار و اشگاف نظر آیا آگ کا شعلہ
بلند پایا بلیناس حسب الارشاہ کمر مین رسی لگا نیچے اوترا گو گرد کا کارخانہ پایا پس
اوپر چڑہ آیا سارا ماجرا کہہ سنایا آخرکار سکندر نے فتح وفیروزی کے ساتہ
ومعاونت کی سربری کی تو قیصر ہائی قلعہ کی حکومت عطا فرمائی بعدہ دریاے زرد
مین جہاز روان ہوا چندے بحری سیر فرمائی کناری پر پہونچکر
سیر وشکار مین ایک ہفتہ بسر کیا۔

کہ خفچاقیون کے جور و بدعت سے ہلوگ پریشان ہین شب و روز ہراسان
ہین تخم ریزی کا خیال نہین کرتے اونکی پایمالی سے ڈرتے ہین اگر بادشاہ
انکی رخنہ بندی فرمائے ہمین دام فکر سے چھوڑائے لہذا حکم ہوا کہ سد بنائی جاے
تا خفچاقی ادہر راہ نپائے آخر کو پولاد و خارا سی دیوار بنائی اساس مستحکم کی بنا
ڈلوائی مظلومون نے آفت سے رہائی پائی پھر وہان سے کوچ ہوا چند قدم
آگے چلکر خیمہ لگا بادشاہ نے واقفان راز سے اوس گرد و نواح کا حال
دریافت فرمایا کسی نے کہا کہ یہان سے قریب ایک غار ہے وہان پر ایک
حصار ہے جسکے اندر تخت اور جام کیخسروی ہے محافظ اوسکا سریری نام ہے
سکندر اس مژدہ کو سنکر بیقرار ہوا وہانکا عزم کیا صبح پر کوچ کی ٹھہری ۔

سکندر کا کوچ فرمانا غار کیخسروی مین جانا

دم سحر قلعہ مذکور کی راہ لی سریری یہ خوب جانتا تہا کہ سکندر کی مدد پر
فضل ربانی ہے دوسری اسکی قدردانی رئیس نوازی شرفا پروری سے
بہی آگاہ تہا انجام کار سوچکر دو منزل استقبال کو آیا نادرات زمانہ
پیشکش کرکے باریاب ملازمت ہوا یہ کلمہ زبان پر لایا کہ اس تکلیف سے
کیا مدعا ہے جلد ارشاد فرمائیے فرمان برداری کو حاضر ہون سکندر نے
اول جیساکہ واجب تہا مدارات کی پھر فرمایا جام کیخسروی کی دید کی تمنا ہے
غار کی سیر کی التجا ہے سریری اس خواہش سے اپنی کاہش بہولا ہمراہ
ہوکر قلعہ مین لایا ہر طرح پر فراز و نشیب اوس مکان کا دکہلایا بعد ازان
عرض کی غلام اب ٹھہرتا ہے حضور جام زرین اور تخت پر تمکین کی سیر کرین

حضور کا نور تابان ہی وقف ایک جہان ہے سکندر بولا کہ اس لنج تارمین
کیونکر گذر ہے یہ مقام آسائش نہین جاہی خطر ہے اوس مرد خدا نے فرمایا
کہ دنیاے دون کا کارخانہ ہیچ پوچ جانکر یہان آیا تعلق دنیوی سے آزاد
خدا کی معرفت مین دل لگایا اب تم فرماو اپنی آرزو جتاؤ کہ کس ارادہ پر
تکلیف فرمائی کدہر خواہش گئی سکندر نے زر کا حال بیان فرمایا فتح و نصرت
کی باری مین التجا کی لجاجت سے سر جھکایا عابد دل آگاہ نے آہ کی قلعہ
کی حالت تباہ کی فرمایا تشریف لیجایئے یورش فرمایئے قلعہ کے دو برج
گرے تیرا ستارہ اقبال چمکا باغی اطاعت کو تیار ہین یہ سنکر لشکر کو واپس
آیا نای نوش کا ہنگامہ گرم فرمایا ناگاہ خبر آئی کہ دربان در دولت پر حاضر حضوری
کا خواستگار ہے حکم ہوا سامنے آئی اوسنے حاضر ہوکر سر جھکایا قلعہ کی کنجی پیش کی
اور کہا حضور کے بخت بیدار نے ہماری خبر لی کہ ناگاہ ناکہانی زد سے دو برج
افتادہ ہوے ورنہ ایسی مجال نتھی کہ جلد تر فتح ہو جاتا مگر تقدیر نے یاری
نہ کی کہ ایسا قلعہ اپنے رتبہ سے گر گیا بادشاہ نے اس کلام کو سنکر لشکر کیطرف
نظر فرمائی گذشتہ سوال محال اور خام خیال کی یاد دلائی کہ تم لوگ چاہیں تو
دل خوش نہ رہے مگر قلعہ کی اینٹ نہ پائی دعاے عابد نے اینٹ سے اینٹ بجائی
اس پتے کی سنکر سرداران لشکر شرمائے دعاے دولت و اقبال بان لائے
دوسرے روز قلعہ مین زینت افروز ہوا دوست کو عیش دشمنون کو سوز
ہوا اسباب گرانمایہ ہاتہ آیا اپنی فوج کو تقسیم فرمایا عمارت جو خراب ہو گئی تھی
تعمیر کرائی اوجڑے گوڑی بسائے اطراف والے پریشان حالی ہی دادخواہ ہوئے

مال مدفونہ لیجاے ہر ایک نے بہ تدبیر منظور کی کار دلخواہ کا انصرام ہوا پیشروی
کا اہتمام کیا جسے سکندر کو ایسے ایسے فتوحات عظیم ہاتھ آئی تھے شب و روز
عابدان گنج نشین کیخدمت مین جاتا دعاے دلی کی التجا کرتا اس راہ ورو
سے لشکری بیدل ہوکر اکثر شاکی تھے کہ فتح و نصرت مین تو ہماری جان کھپتی ہے
ہمارا زور بازو کام آتا ہے اور پادشاہ فقیران بیدست و پا کا شکر گذار ہوتا ہے
ہماری جانفشانی پہ خیال نہین لاتا اولٹا کارخانہ ہے اظہار نست سی بیگانہ ہے
بادشاہ نے یہ ماجرا سنا مگر اوس وقت جواب دینا خلاف جانا انجان ہوکر
خاموش ہا جب وہان سے کام فرسا ہوی راہ مین ایک قلعہ ملا چکا دہان
دروازہ بند کر سد راہ ہوا وہ حصن حصین نہایت متین منتخب بروی زمین تہا جسکی
بلندی کے روبرو بام فلک پست نظر آتی تھی زمین کی چھاتی رو سکے بار سے
پھٹی جاتی تہی سکندر نے حملہ کا حکم فرمایا ہر ایک نے بڑا زور و شور کیا چالیس روز
تردد ہا تدبیرین کین مگر کچہ نہو سکا لاچار ہوکر ساری سپاہ عذر خواہ ہوئی
کہ ہمارا زور بازو ہمیش نہین جاتا جسقدر تشدد ممکن تہا کیا مگر زمانہ فی زبردستونکی
چشم نمائی لی ہمین زیر کیا شجاعت مین حرف آگیا سکندر نے فرمایا اس
نواح مین کوئی مرد خدا ہے لوگون نے پتہ دیا کہ فلانے غار مین ایک مرد ربانی اطلعت
سیر گرم ریاضت اقامت رکہتا ہے سکندر چند نفر ہمراہ لیکر سوار ہوا جسوقت
زاہد اشراق باطن سے خبردار ہوا غار سے نکل روبرو آیا یہ کلمہ زبان پر لایا
کہ حضرت سکندر مالک ہفت کشور ہین سکندر نے ہاتہ ملایا غار مین جا دیا
کہ آپ کو کیونکر اظہر ہوا کہ یہ سکندر ہے زاہد مجیب ہوا کہ شب تار مین چاند چہپتا نہین

سکندر کا سیر دنیا کے ارادہ پر سفر کرنا قلعہ کالرنا و جوج خفچاق کے فریاد دیوار پناہ کی بنیاد ہونا

مجلس آرایان کارنامہ سخنوری و بہار پیرایان گلزار حقیقت سکندری نے یون تحریر کیا ہے کہ جب نوشابہ کے جشن سے فرصت ہوئی ایک روز حکماے دور اندیش ندیمان صفا کیش کو جمع کرکے فرمایا کہ یون مکنون ضمیر والا ہے کہ تمہاری صلاح و مشورت کی مدد سے ہفت اقلیم کی سیر کرون انتہاے عالم تک زیر کرون اول ارادہ تہا کہ روم کو جاؤن چندے استراحت فرماؤن اب یہ راے ہوئی کہ سنجاب و سقلاب ہوتی ہوے کوہ البرز جایئے وہان سے دریا کی راہ سوار ہو جیحون جب ساحل مدعا تہ آئی ایکہفتہ سیر و شکار مین دل بہلائین خوشیان نشائین سرداران لشکر نے عرض کیا جو حضور کا ارشاد ہو بندگان جان نثار کی کیا مجال ہے جو عدول کرین اگر کوئین مین جہونک دو چاہ سے گر پڑین انکار نکرین جانفشانی کو ہر جگہ تیار ہین خشکی اور تری مین فرمان بردار ہین سکندر اس جواب سے خرسند ہوا زر و جواہر گران عطا فرمایا ہر ایک کو شاد کام کیا مگر یہ خیال ہوا کہ فوج زر و جواہر سے گرانبار اور سفر دور دراز کا اختیار ہے ایسا نہو راستہ مین کوئی خطرہ درپیش آئے فلک ناتوان بین نیرنگ دکھلائے اور یہہ مثل مشہور ہے ؎ کہ سونے سے مسافر کو خطر ہے ✦ لاجرم بلیناس سے چارہ کار کی التجا کی اوسنے یہ تدبیر کی کہ لشکر کا گنج و زر زمین تلے دفن ہو ہر شخص اپنا نشان بنائے جب ادہر آئے پتہ پر نشان پائے

عزم کیا عروسانہ زر و زیور سے آراستگی فرمائی بنی کیصورت بن ٹھنکر بہ ہوش
گلزار بوٹا سا قد آرائش گوناگون سے سراپا سنوار ہوا دار پر سوار روان
ہوئی جلیسون نے بھی تازہ آرائش کی بال بال کی زیبائش کی زیور لباس
سے سج سجا بانکی ادا بنا ہمراہ ہوئین او سکے کروفر سے سکندر کو خبر پہونچی
باعزاز تمام ہاتھون ہاتھ لیا کرسی زرین نشست کو عطا فرمائی ہر طور پایہ
بڈہایا جشن خسروی کا سامان کیا نغمہ سرایان خوش گلو نے زرق برق
پوشاکون سے سج سجا کر ناچنا گانا شروع کیا گنگری کی کسک طبلے کی
گمک نے کر و بیان عالم قدس کے کان کہولے پری جمالون کی پیشوائی
کا چکر کہانا لولی فلک کو چکر مین لایا دشتہ خان مکہاوجی ہونے کو آسمان
سے اوتر آئے زمین کو نغش آیا شہریار بیدار دل نوشابہ سی معشوق ہمشل
کی ہمراہ تماشا مین گرم دیدار دور جام بادۂ گلفام سے سرشار ایکطرف
کلیجہ کو مسوستا تہا دوسری طرف دشمنون کو کوستا تھا غرض اسی سور
و سرور مین سلسلہ کلام چہڑا لطف و اخلاق کے مذکور ہوئی جانبین
اس حسن اتفاق سے مسرور ہوئے درد دل گہٹا محبت کا سررشتہ
بڈہا چلتے وقت پادشاہ عالی جاہ نے نوشابہ کو خلعت فاخرہ عطا فرمایا
اور او سکے پیش خدمتون کا بہی مرتبہ بڈہایا چندی اسی نامی نوش مین
شب و روز بسر ہوا طرفین سے صدق وفا کے پیمان ہوی قول و قرار
موکد بایمان ہوئے ؎ خوشا وقتی و خرم روزگارے ؎
کہ یارے برخوردار از وصل یارے ؎

کی ہر اسانی اس جواب شافی سے دور دل جمع خاطر مسرور ہوئی اودہر نوشابہ
تخت سے اوتر کر سی زرین پر جلوہ گر ہوئی سکندر کو تخت پر بٹھایا سرخروئی کا رنگ
جمایا خاصہ کیطرف رخ کیا ہر تماش کی خورش جیسی کہ تاجداران شمشیر زن والا تبار
کو درکار ہو موجود ہوئی منجملہ اشیاء خوردنی کے ایک خوان مین چار بلور کے پیالہ
سرپوش لگے رکھے تھے سکندر نے اودہر ہاتھ بڑھایا سرپوش جو اوٹھایا تیور سے
لبریز پایا یہ شعبدہ دیکھکر ہاتھ کھینچ لیا نوشابہ نے کہا خورش کیجیے تکلف کی نہ لیجیے
شہریار کا مکار مجیب ہوا کہ رکابیون مین سر اسپر تیھر ہین کیا خاک کھائین جھوٹھا
مزاح اوڑائین نوشابہ فرمانے لگی کہ تیھر پڑین ایسی سمجھیے جب تیھر نہین کھا سکتے مگان
پتھرون کیواسطے سر پھوڑتی ہین یگانہ بیگانہ کا رشتہ توڑتے ہین سکندر نے کہا ہزار
افرین تیری راے پر مگر انصاف کر کہ تاج شاہی مین لعل و گوہر کا ہونا ضرور ہے مگر
رکابی مین عقل سے دور ہی زینت کا خیال نہین ملامت ضرور ہی بعدازان دسترخوان
بچھایا اقسام اقسام مزہ کا کھانا نوش فرمایا جب دسترخوان سے فرصت ہوئی ساقیان
گلعذار مغنیان شعبدہ کار کو اجازت ہوئی صحبت ناہید و نوش کا مشغلہ ہوا وہ سم بندہا
کہ پرستان کا سم نظر سے گر گیا رشگران جادو نو نے مشتری کا دل لبھایا لولی فلک کا بھاؤ
گھٹایا بعدہ سکندر نے رخصت لی اپنے لشکر کو معاودت کی چلتے وقت امن و عافیت
کی عہد فرمائی عدم مزاحمت اور ایذا رسانی کے قول و قرار درمیان آئے ۔

نوشابہ کا سکندر کی لشکر مین ناکام دل پانا

دوسری روز جب شہنشاہ مشرق بڑے تزک سے چار دانگ عالم مین
جلوہ افروز ہوا نوشابہ نے خواب نوشین سے بیدار ہو کر درگاہ سکندری کا

اب شان وشکوہ کی نہ لیجیے خود فروشی سے باز آیئے رہائی کی فکر کیجیے سکندر
بچنے کی صفکر ہراسان ہوا زبان آوری سے بولا کہ ایسا کلمہ زبان پر نہ لائیے
جادۂ اعتدال سے گام فرسائی نہ فرمایئے کجا شاہ والا اقتدار کجا بندہ خدمتگذار
قربان جایئے حضور کی فہمید پر جو پیام گذاری کے امتحان پر نازان ہوئین ای
صاحب نرہ شیرون کا پیام ہے روباہ کی بازی نہین دلیرون کا کام ہے بہانہ
بعث ہی حیلہ مین بہبود نہین آیندہ جو رائے مین آئے حکم ہو کہ بندہ اپنی راہ لے
نوشابہ نے فرمایا ہٹ کی دو نہین گویائی کی انتہا نہین سکندر کی تصویر منگا اوسے
دکھلا فرمایا اس پارہ حریر مین مشاہدہ کر کسکی صورت ہے سکندر نے جو نگاہ کی خط
وخال کا نقشہ بعینہ اپنا نقش نظر آیا بال برابر فرق نہ پایا طرفۃ العین مین آنکھ جھپکی
سر جھکا لیا دل سے کہا قہر ہوا دشمن کی نظر لگی فلک کوتہ بین کی چشمک ہے
بخت بیدار نے چشم پوشی کی کہ دیدہ و دانستہ ہمنے ایسی خطا کی اب پلک مارنے مین
سر تن سے جدا ہے کوئی دم مین چھری اور گلا ہے نوشابہ نے جو دیکھا کہ صورت
دیکھتے صورت بگڑ گئی بنا کر کہنے لگی کہ ہر انسان نہو اس صورت سے اکثر خطرات
درپیش آتے ہین مرد کہین گھبراتے ہین ہمنے اس نظر سے تصویر دکھلائی
تاکہ میرا حسن عمل تیرے لوحہ دل مین نقش ہو محبت اور التیام کا نقشہ
درست ہو جاے اور آیندہ کو یہ پند ہو کہ ہر جگہہ کی آمد رفت بے باکانہ چلا جانا
بند ہو یہ تو آپکا مکان ہے لونڈی فرمان برداری مین حاضر بجان ہی مجھی فقط
عورت کی گمان پر ذلیل نہ سمجھنا پردہ مین بیٹھی ہون مگر زمین و آسمان کے
پردہ میری نظرون مین تلے ہوئے ہین ہر طبقہ سے ہوشیار ہون سکندر

بڑھکر کہین ہوشیار باوجود اس دولت واقبال خداداد کے شہوت نفسانی
سی بیخبر شب وروز یاد خدا سے کام تہا سکندر نے جب یہ کیفیت سنی
مشتاق دیدار ہوا آخر اوسکے نواح دلکشا مین خیمہ لگایا نوشابہ کو سکندر
کی آمد جو پہونچی مدارا کا خیال آیا مہمانداری فرمائی ہر طرح کے تحفہ نادرات زنانہ
ارسال کئے نیازمندی ظاہر کی یہان سکندر کو دید کی جی سی لگی تہی ایلچیون کا
لباس پہن نوشابہ کے دربار مین آیا محلداریون نے بانو سے کہا کہ والی
روم کا سفیر آیا ہے نوشابہ نے بعد زیب وزینت شاہانہ حکم احضار
فرمایا سکندر اندر آیا در و دیوار پر بہار کے نقش و نگار نے ایسا وفیتہ کیا
کہ پاس ادب فراموش ہوا نوشابہ اس ڈہنگ سے متحیر ہوئی غور جو کیا
خود بدولت کو پایا کہ ایلچی بنکر آئے ہین نیا سوانگ لائے ہین مگر یہ حرف
زبان پر نہ لائی بیٹہنے کی اجازت فرمائی سکندر نے قاصدانہ آداب و دعا
عرض کرکے کہا کہ سکندر کا یون پیام ہے کہ چندروز سے ہم ادہر آئے
آپکا نہ حاضر ہونا موجب بغاوت ہے یہ کیسی رسم طاعت ہی مہمانداری کا
سبز باغ دکہلاکر فریب کیا خود نہ آئین اسمین بہبود نہین خام خیالی مین کچہ
سود نہین بہتر ہے کہ بیگاہ در دولت پر جبین سائی کیجیے غرور و نخوت کی یہ لیجیے
نوشابہ نے طرز تقریر سے متعجب ہوکر فرمایا شاباش مرحبا اچہی طلب بنائی
ہمین طلب کیا مگر مطلب بہولے خود آپسے اللہ اللہ کیا شان شاہی ہے کہ
خود پیام گذار ہوئے ہمین اوسی وقت خبر ہوئی تہی جب تیری گفتگو سنی تہی
ورنہ ایلچی کی کیا جان کہ ایسی تیز کلامی سے پیش آئے اپنی جان کا خوف نکہائے

اسے شان

اولجھائے لوح پیشانی تختہ نورانی یا صبیح انوار معانی چتون کی شرارت سے
نشہ غزالان ہرن ہو ہرن چوکڑی بھول جاے آنکھین نہ ملائے بینی نے
خود بینی سکھلائی الف قدرت نے لطافت دکھلائی ہزار دو بینی کی ناک کی
تشبیہ نپائی فکر سخن دمناک مین لائی دہن تنگ کی تعریف کیا لکھون
شاعرون نے معدوم لکھا ہے ہماری ایسی تلاش کہان کہ نبدش مضمون سے
یہ عقدہ سربستہ کھولین ہان اثبات نفی کی یہ تدبیر ہے بات کرنے سے شک
ہوتی ہے کہ محل تقریر ہے گردن کی صفائی پر خوبان چین و چگل گلا کاٹتے
سینہ مصفا کے روبرو شاہدان فرنگ اپنی میروصی مانتی چھاتیون کی لو بھار
نے گردن کشتی کو نیچا دکھلایا تھا فوارہ جوش نوجوانی نے دریاے شباب سے
سر اوٹھایا تھا کمر نازک کی مثال بال سی دینا فکر کو وبال ہے آدھا بال بھی لکھنا
خام خیال ہی ہزار بار بال کی کھال کھینچی جاے مگر عنقا خیال کمر کا پتا نہ پائے
الکھ ارباکرہ پری دیدار کروبی شکار مبارک آثار خد مشکبار بیس ہزار سوار جرار حاضر
دربار یہ آئین مقرر تھے کہ دکور کا مذکور نہو کوئی مرد محل کے نزدیک دو دور نہو
عورت کارپرداز رزم بزم مین و ساز ہر ایک نازنین شجاعت مین ایسی کستاخ
جنکے روبرو رستم دستان پیرزال کے مانند لرزان اور اشکبار اسفندیار سار وین تن
اگر ایسے خار اسگافون کے روبرو آتا آنکھ ملاتے چشم زخم اوٹھاتا شیرون
کی کیا مجال کہ ایسے غزالون کے روبرو آتا اور ہوش و حواس کی چوکڑی
بھول نجاتا انتظام سلطنت کا یہ حال تھا کہ گذشتہ سلاطین کی نصفت اور
عدالت محض واہی مثال رعیت نوازی دشمن گدازی مین مدار مردون سے

وہی آگ بھر کتی ہے وہان کا والی دوالی نام نشان سخوت سی سیہ مست ہی
اگر وائیرہ دولت ادہر آ نکلے یہ اندہیارا دور ہو جاے سکندر فی جو یہ حال سنا
کوچ کیا والی ارمن نے خبر سنتے پیشوائی کی اطاعت سے سر جھکایا نیازمندی
دکھلائی سکندر کی بدگمانی دور ہوئی خزانے کی کنجیان نذر مین آئین
سکندر او سکے حسن اخلاق سے شاد ہوا منصب خاص کا عہدہ
پایا چندے وہان آسائش کی روم کی وضع پر عمارت بنوائی نام کو
نشانی تیار کرائی -

بروع مین پہونچنا سکندر کا نوشابہ کی ملاقات باہمی مدارات

فارس مضمار نکونامی حضرت مولانا نظامی نے یون لکہا ہی کہ بروع نام
ایک ملک تہا نہایت آباد زمین زرخیز اطراف سرسبز رعیت شاد کوسون تک
صحرا باغ کی طرح سیراب ہر قطعہ غیرت فردوس شاداب چرند پرند
کی وضع نرالی کوسون تک گل ولالہ و نافرمان کی انوکہی بہار ہر طرف
نسرین ونسترن کے چمن زار غیرت مصر وکنعان ہر در دیوار کو نمی برزن
سی آثار جنان آشکار وہان ایک عورت بادشاہ تہی نوشابہ نام صورت وسیرت
مین یکتا برگزیدہ انام سراپا رونق بہار غیرت سرو قیامت رفتار گل اندام
یوسف ادا جسکے روبرو ماہ وخورشید بے نور پای رنگین کی مقابل مین بی رخ
چہرہ حور شباب کی آمد جوانی کی سن بہار لوٹنے کے دن قد کے روبرو سرو
پامال شاخ طوبے او نے شمال زلف مسلسل مین وہ عالم کہ سنبل کو حلقۂ
غم مین پہسانے اگر چوٹی کی لٹک کو زنجیر لکہے مشکفون کو دام فکر مین

خراسان اور چین اور غور تک ہو گئی بادشاہ عالی جاہ کو ایک روز یہ غور آیا
کہ ہم ادہر اودہر کی فتح و فیروزی مین رہتے ہین مبادا کوئی دشمن موقع پاکر
یونان و روم پر چڑھ آئے ابا ئی ریاست ہاتہ سے نکلجاے نیرنگی ایام سے
کچہ دور نہین غرور بیجا ہے تدبیر ضرور چاہیے مقام خوف و رجا ہے ارسطو کو
فرمایا کہ تو مع گنج و مال اور روشنک کے یونان کی راہ لے سری نیابت
کر عدل و داد سے دست بردار نہونا رسم و راہ دیرینہ ہاتہ سے نکہونا
وزیر نے عرض کی کیا مجال جو سر مو عدول ہو خلاف حکم عمل کرون
آخر کو غرمیت کی ٹھہری چلتے وقت ارسطو نے یہ نصیحت کی کہ ایک جگہہ پر
زیادہ مقام نکرنا جہان فتح پانا اوسی کو حاکم مقرر کرنا خود بذات خاص نگران
نرہنا بادشاہون کی خونریزی سے ڈرنا یہ قوم بزرگ ہے دل آزاری
نہ کیجیو داد دیجیو ہر ایک کی خاطرداری ضرور ہے اکینہ وری نہو دارا کا
انتقام تازہ نہو مقابلہ پر نہ آئین سرکشی نہ دکہلائین بادشاہون کا
بہرحال خیال رکہنا ایسی ایسی چند نصائح کر مع روشنک یونان کی راہ لی
اتفاقات حسنہ سے روشنک حاملہ تہی یونان پہونچکر وضع حمل ہوا
سکندر نے خبر پاکر اسکندر دوس نام رکہا ارسطو تعلیم و ترتیب کرنے لگا
اودہر سکندر نے چند روز مین عرب کا سفر کیا عرب اور عجم زیر فرمان
کرتے ہوئے بیت اللہ آیا سجدہ شکر ادا فرمایا وہان سے براہ یمن عراق
پہونچا یہان بہی کام دل پایا ناگاہ اذربادکان کا ایلچی یہ پیغام لایا کہ حضور نے
ہفت کشور پر توجہ فرمائی مگر ادہر تشریف نہ آئی نہو سارمن مین آتش پرستی ہے

دارا نے وصیت فرمائی تھی کہ روشنک کو سکندر اپنی بیگم بنائے دارا کی روح تازہ فرمائے سو اسطے خود بدولت ادہر آیا میرے ہمراہ سواری بھیجی وصیت کا ذکر درمیان لایا اب یہ التماس ہے کہ روشنک کو سوار کرو مالک خانہ نے جواب دیا کہ زہے عزت و توقیر جو شاہ عالمگیر نے اپنی کنیز ناچیز پر عطوفت فرمائی ہم بندہ بے دام ہین سرکار کی غلام ہین جب ساعت سعید مقرر ہو ہمین ہدایت کرو تا کہ روشنک درگاہ والا مین حاضر ہو وزیر نے یہ خوشخبری سکندر کو جا سنائی قران السعدین کی ساعت مقرر فرمائی اخر وہ دن آیا کہ غنچہ آرزو خندان ہوا حاسدون کا حال پریشان ہوا قاضی نے دولہ دولہن کو راضی پاکر نکاح پڑہا سکندر نے کابین مین ملک عجم لکھدیا جشن شادی شروع ہوا ناچ رنگ ہونے لگا غلغلہ تہنیت آسمان تک پہونچا غمہای دیرینہ کی رخصت ہوئی دریاے سخا جوش پر آیا وہ گہر ریزی ہوئی کہ ابر نیسان عرق خجالت مین غرق ہوا دریا ہمہ تن پسینا ہوکر بہا جب شب وصال آئی مہر و ماہ نے ایک برج مین آرام فرمایا کام دل حاصل ہوا غنچہ مراد کہلایا

سکندر کا تخت کیانی پر جلوس کرنا اور ملازمین سے صلح و آشتی کرنا

کہتے ہین کہ سکندر سپاہان سے اصطرخ آیا بجاے کیومرث کیانی تخت پر جلوس فرمایا اعیان سلطنت ارکان دولت نے نذرین دکہلائین ہر ایک نے عزت پائی جسوقت سکندر نے تخت پر قدم رکہا یہ چند کلمہ زبان پر لایا کہ شکر و سپاس کے سزاوار وہ پاک پروردگار ہے جسکے طفیل سے مجھے تخت و افسر ملا گوشہ فرقدان سے تاج بڑہا الغرض جب سکندر کی حکومت حبش اور

خراسان

واپس ہوا کسی کا دل نہ لہرایا کہ روبرو جاکر آنکھ ملائے جب سکندر کو اس معرکہ
سے آگاہی ہوئی بیتاب کہا کر ارسطو سے ملتجی ہوا وہ بولا کہ یہ جادو کا کھیل ہے
بلیناس کسیقدر اس رمز سے آگاہ ہے اوسے حکم دیجیے کہ یہ پیچ وخم دور کرے
بادشاہ نے بلیناس کو حکم دیا اوسنے سر موقع پہونچکر ہر طرح کا سحر وجادو
آزمایا مگر اوس جعلی ناگن کا مار پیچ کچھ ہاتھ نہ آیا آخر کار جب وقت معہودہ آیا
دافع زہر ایک بوٹی منگائی اوس اژدہی پر چھڑکائی حکم خدا سے وہ ساحرہ
سارا رنگ وریو بھولی ناچار ہوکر بلیناس کی پاؤن پر سر رکھا جان کی پناہ چاہی
اوسنے جو روی رخشان دیکھا عشق کا سانپ چھاتی پر لوٹ گیا کافی ناگون کا نشہ آنکھوں میں لہرایا
واہ رے عشق اژدہی کو مارا مگر ناگن کے پیچ میں من ہارا کوئی منتر نہ چلا فعی
سر بریدہ کے مانند پیچیدہ ہوا الغرض آتشخانہ میں آگ لگا دل ٹھنڈا کر
پری پیکر کو ہمراہ لیکر سکندر کے دربار میں آیا کلمہ شفاعت زبان پر لایا بادشاہ
نے فرمایا کہ یہ دیو پری صورت تجھے مبارک ہو مگر اسکے مکر سے بچے رہنا بخشی پر
نازاں نہونا جسوقت اس معرکہ سے فراغ ہوا روشنک کا دبیان آیا
وزیر سے فرمایا خلعت شاہانہ دارا کی ماتم پرسی کا روانہ کر اور دارا کے
مشکوی اقبال کو قدم اوٹھا روشنک کو سوار کرالا وزیر خوش تقریر مع
ہودج زرنگار ومحافہ پر بہار بڑے کروفر سے روان ہوا در دولت پر پہونچکر
گذارش کی کہ یہ سانحہ مشیت ایزدی سے بر روے کار آیا تقدیر کی پیشدانی
محال ہے تیر قضا کا روکنا اشکال ہے اب گذشتہ واقعات کا تصور کرنا
ناحق کا درد سر ہے ہر ایک متنفس کو یہی رہگذر ہے خلاصہ یہ ہو کہ دم آخرین

بہی مصاحب خاص تہے جنہون نے دغا کی نمکحرامی پر کمر باندہی افسوس یہ ثمرہ
اوسی بددلی کا ملا سکندر نے اس شور و شر سے آگاہ ہو کر حکم دیا کہ رسم
دیرینہ تقویم پارینہ کی مانند باطل ہو ہر شخص اپنے کسب و ہنر مین مشتغل ہو دوسرے
کی دست کاریون مین اپنی دست قدرت نہ دکہلائی اس روش ناپسندیدہ سے
ہاتہ اوٹہائے اوستاد کا کلام ہے ؎ جہان را عمارت نماند بسے
چو از شغل خود بگذرد ہر کسے ۔

اطفائے نایرہ کفر و فساد سکندر کی عدل و داد

آتش زبانان تیز لسان نے شمع طلاقت کی یون روشنائی دکہلائی ہے کہ
اوس زمانہ مین آتش پرستی ہوتی تہی جو آتش پرست لاوارث فوت ہوتا
اوسکا زر و مال آتشکدہ مین ضبط ہوتا حق تلفی سے ہر شخص روتا سکندر نے
یہ مذہب بد سمجہا آتشخانہ مین آگ لگائی مظلومون کی دل کی جلن بجہائی
لکہا ہے کہ اول بابل مین آیا دین خدا چمکایا آتشکدہ مسمار ہوے آتش پرست
فی النار ہوے وہان سے آذر آباد گان مین رونق افروز ہوا بنائے
خرابی توڑی کفر کی نشانی نچہوڑی رفتہ رفتہ شہر سپاہان مین آیا وہان پر
سام بن نوح کی ایک دختر جادوگر رہتی تہی آذر ہمایون نام نہایت شیر
آتش کی پرکالا شوخ و گلفام جادوگری مین طاق شعبدہ بازی مین شہرہ
آفاق سکندر نے اوسکے آتشخانہ کی انہدام کا ارشاد فرمایا لوگون نے
جب اودہر قدم بڑہایا وہ شعلہ خو اس خبر سے آگ ہوگئی دل ہی دل مین
جلکر از در شعلہ فشان نبکر نمودار ہوئی یہ قہر کی بلا دیکہکر ہر ایک من مارے

گھبراتی ہے افسوس صد افسوس کیسی سمجھ ہے سمجھانے والے سیکڑوں ہیں
موجود مگر اپنی ذات کو سمجھ نہیں خود کو سمجھا نہیں سکتی واللہ عالم کیا سمجھے ہیں

بزرگان ایران زمین سے سکندر کا عہد فرمانا

جسوقت سکندر نے ایران پر فتح پائی بندہ نوازی دشمن گدازی کا عہد
مشتہر فرمایا بزرگان ایران کو خلعت فاخرہ سے سرفراز کیا عہدنامہ کی مضبوطی
کی ہر شخص کی قدر و منزلت بلند کی جب اس بند و بست سے فراغ پایا دونوں
سرہنگوں کو دار پر کھچایا منادی مشتہر ہوئی کہ خداوند کشی کی یہ سزا ہے
نمکحرامی کا بدلا ہے اس راہ و رسم سے ایرانی شاد ہوئے بدگمانی کی فکر سے
آزاد ہوتے پھر محفل نشاط کا ڈھنگ ڈالا رنگ کا چرچا نکالا عقلا کا
ہجوم ہوا سکندر نے فرابرز سے فرمایا تو نے دارا کو نصیحت نہ کی سلامتی
کی راہ نہ دکھلائی صلح و آشتی کی خوبی نہ سمجھائی اوسے غرور جوانی نے اد بایا کہ تجھے
اس بوڑھی ڈاہی کی شرم نہ آئی حرف رہست زبان پر نہ لایا گم کردہ راہ کی
رہنمائی نہ کی اوسنے جواب دیا جب ادبار آتا ہے بخت بدستا تا ہی ساری پند
و نصیحت بیکار ہوتی ہے تقدیر کے روبرو تدبیر روتی ہے نہ پند کام آتی ہے
نہ نصیحت بہاتی ہے قضا گوش شنوا کر کرتی ہے کچھ بن نہیں پڑتا آدمی اپنے
ہاتھ سے پاؤں پر کلہاڑی مارتا ہے تیرے اقبال نے اوسے پامال کیا میری موعظت
پسند نہ آئی اوسنے کچھ خیال نکیا اب حضور کی باری آئی عدل و عدالت سے
کام لے دارا کی جور و بدعت کا شکوہ دور فرما اوسکے یہ انداز تھے کہ ہر ایک پاسبان
تھے بزرگ چھوٹوں کے مغلوب تھے کمینوں کی شر فا پر حکومت تھی یہ دونوں ہنگ سر

جس شے کی خواہش جسکی جانب سی کا ہش ہو بجا لاؤن تمنای دلی برلاون
دارا نے جو یہ صدائے دلنواز پائی چشم تمنا وا فرمائی کہا وقت ہاتہ سے جاتا رہا قضا کا
زمانہ سامنے آیا پلک مارنے مین نا دیدنی پیش نظر ہوئی گردون کوتہ بین کو ہماری عیش
بنہائی دیدہ و دانستہ عین خطا ہوئی کور باطنون کی چیتون نہ پہچانی تاج و تخت ہاتہ
سے کہویا اب ہماری آرزو جو پوچہتی ہو ایفاے عہد کا دم بہرتے ہو تو یہ ہے کہ خون
ناحق کا انصاف کیجیو ملک فراموشون کی داد دیجیو دوسری روشنک ہماری
دختر نور نظر ہے اوسے ہمخواب کیجیو دیگر حرم سرا نہ خراب کیجیو باقی ہمارا ننگ و ناموس
کہونی بنائے کوئی تازہ بدعت ہونے نپائے زیادہ کہنے کی فرصت نہ پائی اجل نے
زبان روکی چشم تمنا دیدہ حسرت وا ہوے نالہ جانکاہ بلند ہوا سکندر بیچارہ یہ
کہتا تہا دہاریں مارتا تہا روتا ہوا خیمہ کو آیا تمام شب سوگ فرمایا صبح ہوتے
بڑے کروفر جلوس شاہانہ سے لاش دفن فرماکی مقبرہ عالیشان کی بنا ڈلوائی
واہی نادانی کہ اس سراسر بے سروپا کیواسطے کیسے کیسے سرداران نامدار کی سر دہا
ماری گئے ملک و مال کی تمنا جاہ و حشم کے سودا مین بے سود محض زیان اوٹہایا
زندگی کے ساتہ اپنا پرایا زبان پر رہا مرتے ہی حسرت کے سوا کوئی سرہانے پایتنے
نظر نہ آیا برسون ملک ستانی جہانبانی مین مشرق سے مغرب آئے غرب و
شمال کے شہر و برزن دیکہے اجل کا سفر جب درپیش ہوا پہلی منزل کڑی معلوم
ہوئی نشہ نخوت دماغ سے اوترا انجام کا خمار آیا دو ہاتہ کا گڈہا بہی پاؤن
پہیلانے کو غنیمت سمجہا اور یہ بہی اونہین نصیب ہی جو زندگانی مین یتیم و غربا کے
ہمدرد رہے ورنہ لحد کے فشار سے روح آرام نہین پاتی ہر دم تازہ صدمہ سے

جو آیا دل ہی دل مین خون ہو گیا اونہین کی رہنمائی سے سر بالین خستہ یا
قاتلون کو بند فرمایا خود ہم بستر خاک ہو دارا کا سر اوٹھا زانو پر رکھا فرمایا
افسوس تقدیر نے کیا فی درخت کی جڑ کاٹ ڈالی بہمن کا گلزار بی برگ و بار
کر ڈالا یہ کہکر پیوندی جوش جو آیا آہ و نالہ فرمایا دارا نے چشم پیم وا سے
سکندر کیطرف نگاہ کی کہا ہمین چھوڑ تن خستہ پر دیدہ و دانستہ بیداد نکر
ہم خود فلک ناتوان بین کی چشم زخم اوٹھائے ہین سر و آزاد کو افتادگی مین
زینت نہین اس صورت مین وہ شان و شوکت نہین ہائے یہ وہی سر ہے
جسپر لعل و گوہر کا افسر کج رکھتا تھا دارائی کا دم بھرتا تھا اب آخری دم مین
کوئی ہمدم نہین قضا بھی ہمدمی سے بھاگتی ہے دم دیتی ہے مگر خبردار تاج پر
ہاتہ نہ لگانا حد سے پیر نہ بڑہانا تیری کیا دست قدرت جو میرے ہوتے تاج
کیانی پر ہاتہ پہونچائے بس رہا کر خواب نوشین دپیش ہے بخت بیدار کو
غنودگی سوار ہے اگر تخت و تاج کی احتیاج ہے ذرا ٹھیر جا ہم اودہر کو
مسافر ہون تیرا اختیار ہی سکندر اس صدائے غم افزا سے گریان ہو کر بلتجی ہوا
کہ ای شاہ عالی جاہا بندہ سکندر سرکار کا چاکر حضوری مین حاضر ہے ہمیشہ یہ
آرزو رہی کہ فرمان بری مین سر کرے افسوس یہ چرخ جفا پسند درپے
عداوت ہوا مقدر نے اوسوقت حضوری مین پہونچایا جب بات کرنیکی فرصت
نہین دم مارنے کی مہلت نہین ہیہات قضا پر اختیار نہین موت پر اقتدار
نہین ورنہ اس سفر ناگزیر مین ہمراہی کرتا خدمت شاہی کرتا اب نالہ جانکاہ
سے سود نہین اور جزع و فزع سے بہبود نہین بخدا تابع فرمان ہون جو ارشاد ہو

ضرب کا طلبگار رہتا دہالین روسیاہ پس پشت پناہ جو تہین نیچون کر وہ کاٹتے کہ پورا وار کرتے تھے پیش قبض سکے روبرو قبض کنندگان روح کے پیشاب خطا ہوتی تھے تیر جان ستان گوشہ کمان سے نکلکر مخالفین کے گوش ہوش مین قضا کا پیام پہونچاتی تھے مردگان صد سالہ اس تہلکہ سے گور مین چلاتے محشر کی شور و شر تہی آگ سی جنگل مین لگی تھی تیغ بیدریغ کی بجلی جسکے خرمن حیات پر گری خاک سیاہ کردیا کمندین از در شعلہ فشان کی مانند مُنہ کھولے لہراتی تہین نامردون کے چہرہ اس شر ریزی سے دہوان دہار تھی تیغ و تیر کی گرمی سے ہانپتے تھے جب دیکھا کہ سکندری اقبال کی لو آسمان سے گذر گئی آنچ نہ سہی گئی جسکی جوہر سینگ سمائی چل نکلے اس ادہا دہند مین قدم جو اوکھڑے ادہر اودہر بہاگ نکلے چارون طرف اس آفت ناگہانی کا دہوان توچہایا ہوا تہا تیرہ بختی نے شاہ دارا کو یکہ و تنہا کردیا ناگاہ وہی دونون سرہنگ آپہونچے دل مین جلن تو آگے سے تہی پرانا کینہ یاد آیا انکہون مین چربی چہائی خداوند نعمت کی شمع حیات گل کرنیکو آمادہ ہوئے آخر کار یہ اندہیر کیا کہ گلگیر شمشیر سی دارا کا رشتہ حیات کاٹکر کافور ہوئے انکے دیدون مین یہ گل پہولا کہ کیا فانی چراغ گل ہوا مگر کسیقدر جہلملاہٹ سانس کی آہٹ باقی تہی کہ یہ ناکار آتش کے پرکالے سکندر کے حضور مین جا یون شر ریز بیان ہوئی کہ ہمنے دشمن کی آگ بجہائی آپ چلکر راکھہ کا ڈہیر دیکہیے لیون اوسوقت ہمارا انعام دیون سکندر کو اس آگہی سے بدرجہ کمال سوخت ہوا ہمجنس کے خون کا خیال

یعنی صبح ہوئی طرفین سے لڑائی کے سامان ہونے لگے مردان نامجو
ننگ و ناموس کیواسطے جان کھونے لگے دارا کے دو خاص سرہنگ تھے
مانوسیار اور جانوسیار نام دارا کے جور و جفا کے ستائے تھے جفائین اوٹھائے
تھے ولی نعمت کا بخت برگشتہ جو دیکھا صاف پھر گئے سکندر سے جاکر کہا اگر
جان بخشی ہو وعدہ انعام فرمائے ہم لوگ دارا کا سر اوتارین دشمن کو مارین
سکندر کے تصور مین تصدیق نہوا کہ یہ نمکحرامی کرینگے اس قضیہ نامرضیہ کا
نتیجہ دکھلائینگے بہرحال اونکی شرط ایجاب کی جب ان بکھیڑون نے کلی اطمینان
پایا خمسہ حواس جمع ہوئے اپنی فکر مین مصروف ہو موقع کے جویان رہے
ادہر رات کو دارا نے مصاحبین سے فرمایا کہ صلح و آشتی مین بہتری ہے
سکندری اقبال بڑھا نظر آتا ہے موت تو بہانہ طلبگار تھی کسی نے یہ رائے
پسند نکی دوای دردمند نکی ہر ایک نے کہا دیکھیے دم سحر کیا ہوتا ہی انشاءاللہ
وہ جانثاری ہو کہ رومیون کی زندگی بھاری ہو بھاگنے کی راہ نہ پائین یا یالی
مین آئین ادہر سکندر اپنے لشکر سے کہتا تھا کہ سحر کو صفائی کرو مطلع صاف ہو
روز کی تکلیف معاف ہو تقدیر کا لکھا آئینہ ہو جاوی ہر روز کا درد و غم
کہو جاوے مرگ ابنوہ جشنے دارد کہنے کو رہیگا الغرض اسی امید و بیم مین
رات بسر ہوئی اللہ اللہ کر کے نمود سحر ہوئی دونون جانب سے لشکر چڑھے
شروع پیکار ہوا لڑائی کا گرم بازار ہوا گرز و خنجر سربازی مین خودسری کرنے لگے
تلوارین غلاف سے نکلی پڑتی تھین برچھیان عجب توک کی آن بان کہلاتی تھین
علم کو یہ الم تھا کہ کب علم ہو نیزون کا بند بند کمر کسے تیار تھا ہر ایک حربہ حرب و

آفتاب اس دوڑ دھوپ کو دیکھکر مشرق سے مغرب بھاگا جاتا تھا بانکے
نرچے ہوکر برچھیون کے آن بان دکھلانے لگے قضا کے بھوکے برچہ کی پھل
کھاکر پٹ بھرنے لگے غضب کا ہنگامہ برپا تھا گھوڑون کے نعل سے آگ
نکلنے لگی آتش کارزار بھڑکنے لگی دارا کو آشفتگی جو آئی معرکہ رزم کو باگ
اوٹھائی جدہر سر اوٹھایا گردن کشون کو خاک مین ملایا یہ زد و کشت کی کہ
چودہ طبق کے ورق پریشان ہوئے ادہر سے سکندر بڈھا ایرانی پر لرزہ چڑھا
حواس پہنچ گئے آسمان پر بخار چھا گیا مریخ کی نبض ساقط ہوئی شیر فلک کا
پیشاب خطا ہوا سیکڑون ایرانی تہ خاک ہوئے زندگانی کے قضیہ پاک
ہوئے دارائی سکندر کی جو یہ تب و تاب دیکھی صفراوش پر آیا سودا جوش پر آیا
آنکھون سے خون برسنے لگا لشکر کو حکم دیا کہ ایکبار گی گھوڑے دوڑا کر
حملہ کرو جی کھولکر لڑو یہ مقام ننگ و نام ہے جانبازی کا ہنگام ہے سکندر نے
یہ غوغا سنکر اپنی فوج کو للکارا کہ لیجیو جانے نہ دیجیو اس صدا سے دونون لشکر
ٹوٹ پڑے تیر و خدنگ سے مور پر گذر تنگ ہوا سخت معرکہ جنگ ہوا تا لم
تو مچا تھا کسی مخالف نے سکندر پر تلوار لگائی حافظ حقیقی نے صاف بچائی
مگر اوس انجان کی نادانی کی سزا مین جان گئی یکایک شام نمود ہوئی
شاہ انجم سیاہ بڑی زرق و برق سے نکل آیا دونون لشکر نے آرام کیا۔

صبح محشر کا نمود ہونا دارا کا سر ہنگون کی ہاتہ سے جان کھونا

جسوقت قہرمان خاور کے قہر و جلال سے شاہ انجم سپاہ ماہ کی فوج مین
بدحواسی ہوئی اور خادمان حضرت قمر کے قدم میدان زرنگاری مین ثابت نرہے

یعنی صبح ہوئی طرفین سے لڑائی کے سامان ہونے لگے مردان نامجو
تنگ وناموس کیواسطے جان کھونے لگے دارا کے دو خاص سرہنگ تھے
مانوسیار اور جانوسیار نام دارا کے جور وجفا کے ستائے تھے جفائین اوٹھائے
تھے ولی نعمت کا بخت برگشتہ جو دیکھا صاف پھر گئے سکندر سے جاکر کہا اگر
جان بخشی ہو وعدہ انعام فرمائے ہم لوگ دارا کا سر اوتارین دشمن کو مارین
سکندر کے تصور مین تصدیق نہوا کہ یہ نمکحرامی کرینگے اس قضیہ نامرضیہ کا
نتیجہ دکھلائینگے بہرحال اونکی شرط ایجاب کی جب ان بکھیڑون سے کلی اطمینان
پایا خمسہ حواس جمع ہوئے اپنی فکر مین مصروف ہو موقع کے جویان رہے
ادہر رات کو دارا نے مصاحبین سے فرمایا کہ صلح وآشتی مین بہتری ہے
سکندری اقبال بڑھا نظر آتا ہے موت تو بہانہ طلبگار تھی کسی نے یہ رائے
پسند کی دوای دردمندکی ہر ایک نے کہا دیکھیے دم سحر کیا ہوتا ہے انشاءاللہ
وہ جانثاری ہو کہ رومیون کی زندگی بھاری ہو بھاگنے کی راہ نہ پائین یا یالی
مین آئین ادہر سکندر اپنے لشکر سے کہتا تھا کہ سحر کو صفائی کرو مطلع صاف ہو
روز کی تکلیف معاف ہو تقدیر کا لکھا آئینہ ہو جاوے ہر روز کا درد وغم
کہو جاے مرگ ابنوہ جشنے دارد کہنے کو رہجائیگا الغرض اسی امید وبیم مین
رات بسر ہوئی اللہ اللہ کر کے نمود سحر ہوئی دونون جانب سے لشکر چڑھنے
شروع ہوا لڑائی کا گرم بازار ہوا گرز وخنجر سربازی مین خودسری کرنے لگے
تلوارین غلاف سے نکلی پڑتی تھین برچھیان عجب توک کی آن بان کہلاتی تھین
علم کو یہ الم تھا کہ کب علم ہو نیزون کا بند بند کمر کسے تیار تھا ہر ایک حربہ حرب و

آفتاب اس دوڑ دھوپ کو دیکھکر مشرق سے مغرب بھاگا جاتا تھا بانکے
نرچے ہوکر برچھیون کے آن بان دکھلانے لگے قضا کے بھوکے برچھ کی پھل
کھاکر پٹ بھرنے لگے غضب کا ہنگامہ برپا تھا گھوڑون کے نعل سے آگ
نکلنے لگی آتش کارزار بھڑکنے لگی دارا کو آشفتگی جو آئی معرکہ رزم کو باگ
اوٹھائی جدہر سر اوٹھایا گردن کشون کو خاک مین ملایا یہ زد و کشت کی کہ
چودہ طبق کے ورق پریشان ہوئے ادہر سے سکندر بڈھا ایرانی پر لرزہ چڑھا
حواس پہٹ گئے آسمان پر بخار چھا گیا مریخ کی نبض ساقط ہوئی شیر فلک کا
پیشاب خطا ہوا سیکڑون ایرانی تہ خاک ہوئے زندگانی کے قضیہ پاک
ہوئے دارائی سکندر کی جو یہ تب و تاب دیکھی صفراوش پر آیا سودا جوش پر آیا
آنکھون سے خون برسنے لگا لشکر کو حکم دیا کہ ایکبار گی گھوڑے دوڑا کر
حملہ کرو جی کھولکر لڑو یہ مقام ننگ و نام ہے جانبازی کا ہنگام ہے سکندر نے
یہ غوغا سنکر اپنی فوج کو للکارا کہ لیجیو جانے نہ دیجیو اس صدا سے دونون لشکر
ٹوٹ پڑے تیر و خدنگ سے مور پر گذر تنگ ہوا سخت معرکہ جنگ ہوا تا لطم
تو میں تھا کسی مخالف نے سکندر پر تلوار لگائی حافظ حقیقی نے صاف بچائی
مگر اوس انجان کی نادانی کی سزا مین جان گئی یکایک شام نمود ہوئی
شاہ انجم سیاہ بڑی زرق و برق سے نکل آیا دونون لشکر نے آرام کیا۔

صبح محشر کا نمود ہونا دارا کا سرہنگون کی ہاتہ سے جان کھونا

جسوقت قہرمان خاور کے قہر و جلال سے شاہ انجم سپاہ ماہ کی فوج مین
بدحواسی ہوئی اور خادمان حضرت قمر کے قدم میدان زرنگاری مین ثابت نرہے

بی آبروئی کی بات ہو بہت دست بردی نہ دکھلا بہتر ہے کہ مدارا ہو صلح آشکار
ہو اول ادہر سے عزم نہین ہوا تو نے سوتے سانپ کو جگایا لشکر لیکر چڑہ آیا
تدبیر شرط تہی ہمنے بہی صف آرائی کی اب دونون طور پر رضامند ہون جو عزم
ہو بسم اللہ دیر نکیجئے جدہر میل ہو جواب دیجیے جسوقت یہ مضمون دارا نی سنا
سر دہنا غرض کہ لڑائی کی ٹھہری مدارا کی نرہے دونون لشکر نے موصل کی میدان
مین قرار کیا عزم پیکار کیا۔

میدان رزم کا صاف ہونا با ہمدگر مصاف ہونا

جسوقت یکہ تاز سپہر بیمہر نے سر میدان فلک پر ترکتازی شروع کی طرفین سے
لشکر تیار ہوئے لڑنے بھڑنے کو سوار ہوے اول دونون طرف دنگ ہوا
کہ شاید صلح کی ٹھہر جاے بے لڑے کام نکل آئے تقدیر تو در پی مخالفت
تہی تدبیر درست نہوئی صف آرائی کی ٹھہری میدان مصاف صاف ہوا
لشکرون نے پر اجمایا قواعد کے وہ رنگ ڈہنگ دکہلائی جسکو دیکہکر چرخ
گردان اپنی گردش سے دست بردار ہوا مریخ سا خنجر گذار گہبرایا زمین کو
چکر آیا نقیبان خوش گلو نے بہادرون کے دل بڑہائے شجاعون کے
چہرے جوانی کے فروغ سے تمتمائے دہل اور کوس کی آواز کوسون تک
جا دو سا رنتہی نوبت و کرنا کا شور اپنی نوبت پر کروبیون کے کان تک پہونچا
تلوار جو نکلی دیکہنے والون کی آنکہ مین بجلی سی کوند گئی شمشیر خارا دو
کی چمک سے برق کی آنکہین جہپکنے لگین تیر و کمان کا وہ سناٹا ہوا کہ ہوا
کا سلامت نکل جانا دشوار تہا گا و زمین کا کلیجہ گہوڑون کے سم سے ٹکڑا تہا

کچھ حصول نہین برابری کا دعوی فضول ہے میدان رزم کی جانبازی لڑکون کا
کھیل نہین تلوار کا وار چھٹی کا دودھ یاد دلاتا ہے تو ابھی جنگ نادیدہ گرم و سرد
ناچشیدہ ہے ناحق دون کی چھائی ہے پانون نکالتے ایسی گمراہ ہوئے کہ
باپ دادے کی لیک بھولے شباب کی ترنگ مین دنیا اور مافیہا کی خبر نہین
زنگیون کو مار کر ایسی سرخروئی ہوئی کہ اپنے سیاہ و سفید کا ہوش نہین
خراج گذاری مین تاخیر کرنا پیرانا چال چلن بگاڑنا بہتر نہین ناحق خودسری
مزہ چکھائینگی روح مرقد مین آرام نپائینگی جسوقت یہ نامہ آیا سکندر نے درجواب لکھا یا

سکندر کا جواب لکھنا دارا کی نام

شکر و سپاس کی سزاوار وہ کردگار ہے جسنے اپنی قدرت کاملہ سے مجھے صاحب تاج
بنایا بدانديشون کا سر آستانۂ اطاعت مین جھکایا آپکا نامہ آیا حال دریافت ہوا
خودفروشی نہایت بد ہے خدا اور رسول کے نزدیک رد ہے کسی معلوم کون صاحب تخت
و تاج ہو کون گور و کفن کا محتاج ہو جاہ و حشم کا غرور بیجا ہے ذرعونی نہ پیدا
تو بھی ماں کے پیٹ سے اورنگ و افسر نہین لایا یہ سارا کارخانہ اسی دنیا مین
خدا نے عطا فرمایا اب ہماری مدد پر فضل خدا ہی کیا عجب کہ روے زمین کا بادشاہ
بنائے اپنے نیازمند کو شہنشاہون سے بے نیاز فرمائے بخدا جسوقت فتح
پائی زر و شت کی آتش فساد بجھائی اسی مین بہتری ہے کہ شیرون کے
مقابلہ پر رخ نکر تیری کیا بساط کہ فرزین کے مانند کجروی دکھلائی اور کوتاہ
عقلی کے گشت نکھائے بلکہ ایسا منصوبہ کر کہ دولتخانۂ خاص پیل بند حوادث
سے بچا ہماری تخت کی جستجو مین تختہ تابوت کی آرزو نکرو ورنہ انجام کو مات ہو

مدت تک بادشاہی رہے انجام کو ایک رومی گردن کشی دکھلائے ایران پر فتح پائی خاندان تباہ ہو جائے پس ای خداوند جیسے یہ روایت مجھے یاد آئی طبیعت سخت گھبرائی کہ مبادا یہ وہی رومی نژاد نہو کوئی فساد نہو سلطنت برباد جائے خاک ہاتھ نہ آئے بہتر یوں نظر آتا ہے کہ کسی حیلہ سے لڑائی ٹالیے اس سلسلہ مین پانوں نہ ڈالیے زور بازو پر اعتماد کرنا حمق ہے دیکھیے پشہ حقیر نے نمرود کے دہوئین اڑائے ابابیل اصحاب فیل کا دم ناک مین لائے ؎ دانی کہ چہ گفت زال بارستم گرد ؎ دشمن نتوان حقیر و بیچارہ شمرد ؎ اول تو دارا اس سرگذشت کو سنکر سراسیمہ ہوا مگر بیحیائی سے غضبناک ہو کر گونجا کہ میری کیا نامردی آزمائی جو سکندر کی شجاعت زبان پر آئی اس طفل خام کی یہ جرأت کہ پختہ کارون سے سامنا کرے تاج و تخت کی ہوس دکھلائی البتہ یہ خیال ہے کہ جو طمانچہ کوہ قاف کا منہ پھیر دے وہ مشت خاک پر کیا مارے ایک طفل بے سر کے مقابلہ پر جانا ہمسری کرنا منظور نہین اگر اپنی راہ لگا چلتا وہ بھی کیا مزاحمت سے کام نہین ورنہ اگر اجل آئی ہے خواہی نخواہی تادیب ہو گو شمال پائے ملک و مال کی تمنا مین جان گنوائے اس سخت جواب سے ناصح مہربان کے ہوش پرا گندہ ہوے جان کو ڈرا مگر نرمی بات بنانے لگا مگر تیر از شست رفتہ کا کیا علاج دارا نے فرمایا سکندر کے نام نامہ تہدید رقم ہو امید و خوف کا مضمون زیر قلم ہو دبیر عطارد نظیر نے قلم جادو سے سحر سامری کا جلوہ دکھلانا شروع کیا۔

دارا کا نامہ لکھنا سکندر کے نام

بعد حمد خداوند جل و علا و نعت سرور انبیا تحریر مدعا ہے کہ اس کینہ خواہی سے

چاہیئے دشمن کیا نابکار ہے جب نہایت مخالف کی قریب آجانیکے خبر سکندر کو ملی
ہر طرف لکھہ بھیجا کہ دارا ے ایران غرور پر آیا روم پر لشکر لایا لہذا مکافات ضرور سمجھکر
عزم تنبیہ ہی اس خبر کے ہوتے چھہ لاکھہ سوار و پیادہ لڑائی کے آمادہ اکٹھی ہوئے
جب سب سامان درست ہوا ارباب عقل سے مشورہ کیا کہ بد اندیش کینہ خواہی پر
کمر باندہے آپہونچا اب کہو تمہاری کیا صلاح ہے اگر خاموش رہون موجب
بدنامی ہے دوسری کیانی ہتک منظور نہین انجام کو نافرجامی ہے مشیران خوش تدبیر
نے عرض کی کہ ای شہریار گردون وقار تیری راے معقول ہی اسمین اعتراض کرنا
سراسر فضول ہے عزم جنگ فرمائیے بخت ازمائی دارا کی بیداد سی جہان تباہ ہے
خلق خدا کا روز سیاہ ہے ظالم گدازی سے خدا راضی ہے ایک کی بگاڑنے سے
تمام خلق اللہ کا بناو ہوتا ہی یہ سنتے ہی شہریار کامگار نے ساعت سعید پر کوچ
فرمایا درفش کاویانی فتح و نصرت کے نشانی ساتھہ لیا

دارا کی عزیمت اور جنگ و جدل کی مصلحت

جسوقت یہ خبر مشتہر ہوئی کہ روم کی فوج لڑائی کے ارادہ پر گرم سفر ہوئی
جس نے سنا شاد ہوا دارا سے دل برخاستہ تو تھی ہی سکندر سے مدارا کرنیکو اوٹھہ دوڑی
جب یہ اشتہار دارا کے گوش گذار ہوا نہایت گھبرایا دانشمندان تجربہ کار سے
مشورہ کیا چارہ جو ہوا لوگ تو یہ جانتے تھے کہ یہ عقل کا دشمن کیسکا کہنا مانتا ہی
اپنی راے پر بہروسا رکھتا ہے کسی نے دم نہ مارا آرے بلے مین ٹالا مگر ایک شخص
فرامرز نامے نے دعا و ثنا کے بعد عرض کی کہ فدوی نے اپنے دادا کی زبانی
سنا ہے کہ جب کیخسرو عازم فارس ہوا جام جہان نما سی یہ آشکار ہوا کہ اہل خاندان ایں

بیدرنگ واپس ہوا دارا کو باجرائے گذشتہ حرف بحرف سنایا اوسنے لجاکر سر
جھکایا مگر غرور بیجا نے آ دبایا لشکر کشی پر آمادہ ہوا چین وخوارزم وغزنین سے فوج
طلب کی تیاری حرب وضرب کی تھوڑے عرصہ مین بہت فوج جمع ہوگئی
روے زمین پر تہلکہ پڑگیا۔

سکندر اور دارا کا لشکر کشی کرنا اور آغاز جنگ مین مشورہ ہونا

سچ ہے جب ادبار کے دن قریب آتے ہین انسان کے ہوش وحواس
متفرق ہوجاتے ہین بیٹھے بٹھلائے ایسے مفسدہ اوٹھاتا ہے کہ پہلے چنگے آرام
مین دکھہ پاتا ہے انسان کی کیا خطا تقدیر کے کارخانے نرالے ہین بنی نوع
اس نوع کی بگڑی بنا نہین جانتا اگر تدبیر ہی سے یہ کام ہوجاتا رستم سا خنجر گذار
اسفندیار سا روئین تن کیون مارا جاتا ناحق کی مین مین تو تومین سزا وتارا
جاتا کہتے ہین جب دارا کی فوج ارمن کے مقام پر خیمہ زن ہوئی قیامت
کی علامت تھی سوار وپیادہ کی وہ کثرت کہ مور وپشہ پر آفت تھی رعایا کو
جو اذیت ہوئی سکندر کے حضور مین دادخواہ ہوئی کہ دارای ایران کے
فوج نے محشر کا شور وشر اوٹھایا ہے ناحق غریبون کو ستایا ہے
اگر بادشاہ شبخون کرے جلد گوہر مدعا تا تے ہماری آبرو رہجاے
سکندر نے متبسم ہوکر فرمایا شبخون نامردون کا کام ہے چوری کی فتح
بادشاہون کو ننگ ہے اپنے نزدیک دغابازی ہے اوسنے کہا دارا کے
ہمراہ ایسا لشکر ہے کہ اندیشہ جسکے حصار سے ستوہی ہزار دہزار انبوہ
ہے سکندر نے جواب دیا ہزار بکریون مین ایک شیر دلیر ہوتا ہی فضل خدا

آتش مزاج خاک مین ملانے لازم ہے کہ خراج کی تمنا مین اپنا رشتۂ حیات
نہ توڑو اجل کے دم دہانے مین نہ آو حرص بد بلا ہے ایران ایسا زر خیز خطہ
پاکر ہوس مین مبتلا ہے ناسپاسی خوب نہین کفران نعمت مرغوب نہین
قاصد نے یہ جواب دندان شکن جو سنا سنگ حرمان پر سر دہنا ایران آکر
سارا حال دارا کے گوش گذار کیا سنتے ہی اوسکے کان کھڑے ہوئے فرمایا
الدر سے تقاضاے وقت کہ ایک ٹکسال باہر کی یہ تاب کہ صاحب سکہ کے
روبرو اپنا کھوٹا پن دکھلائے اسی خیال مین تاؤ جو کھایا فوراً دوسرا ایلچی
روانہ فرمایا تھوڑے سے کنجد اور گوے وچوگان حوالہ کیا قاصد کو اس سوغات
کی بازی تبلائی سفیر صبا قدم ایک سناٹے مین ہوا ہو کر یونان آیا
دربار سکندری مین پہونچکر زبان پر لایا کہ ایلچی کو زوال نہین ناگفتنی کے
چھپا رکھنے کی مجال نہین دارا نے فرمایا ہے کہ دہن مبارک سے ہنوز بوی شیر
آتی ہے لڑکپن کی حالت ہے یہ گوے وچوگان لیجیے لہو ولعب مین بسر کیجیے
اگر بالکل ہٹ سے اپنے خون کا پیاسا ہے تو اسکی علاج نہین ہماری فوج کا
شمار کنجد مرسولہ کا انحصار ہے سکندر نے ژرف نگاہی جو کی اپنی فیروزمندی
کا شگون پایا اول گوے وچوگان سے جواب دیا کہ گو دارا کے گوش زد ہونیوالا
گوی کی صورت پر زمین ہے پس اس چوگان سے ہم ایران مین کھینچ لائینگے
ضرور فتح پائینگے اور دانہ کنجد صحن مین چھٹکا مرغ جو چھوڑا سب چن کھائے
معشوقون کے عاریتی خال کیطرح ایک تل نچھوڑا سکندر نے کہا ایسے لشکر کا
کیا ہراس جو مرغ کی خورش ہو قاصد اس نیرنگ سے دنگ ایران کو

جب صورت دیکھی عمل درست نہ آیا کچھ نہ دیکھا آخر سامنے نام انہنگر نے صیقل کی
چمک دکھلائی مگر عجب ڈھب کی ہیت بنائی صفائی نہ آتی تھی دیکھنے والونکی
صورت بگڑجاتی تھی جب مختصر مدور بنایا چہرۂ مدعا صاف نظر آیا۔

ایران سے ایلچیون کا آنا باہم شر و فساد کا سلسلہ چھڑنا

ایک روز ہنگامہ عیش و عشرت گرم تھا ساز کی ناسازی پیر مغنی کی گوشمالی
سازگار تھی جا دوسرا یان خوش گلو کے ترانہ سے بار بدا و نکیسا کی روح تھرانی
تھی ہر ایک اوپج اور توڑے پر میان تان سین کی نعش گور مین پھڑپھڑاتی تھی
گھونگرو کی اواز عیسوی اعجاز پر طعنہ مارتی تھی ناگاہ دارا کا ایلچی آیا حضوری
مین جاکر عرض پرداز ہوا کہ گذشتہ راہ و رسم فراموش کی ہنوز خراج نہین بھیجا
یہ خواب غفلت اچھا نہین نخوت و پندار سے کیا فائدہ دیدہ ہوش کھول کر دیکھیے
کہ ہنوز بہتری ہے صبح کا بھولا شام تک جو گھر آئے تو بھولا نہین کہلاتا ہی
اب بھی خوب ہے جو دور اندیشی بھائی مفت مین ننگ و ناموس ہاتھ سے نجائے
سکندر اس گرم زبانی سے جل اوٹھا تقریر سے یون شرر ریز ہوا کہ یہان کوئی
موم کا پتلا نہین جو تقریر کی آنچ سے پگھل جاے وہ دن گذر گئے ماضی کا حال
مین خیال کرنا موجب ملال ہے اب ہمارے اقبال پر نظر کرو ہماری آتش غضب
سے ڈرو اپنا دہکتا چھوڑو شور و فساد کی آگ نہ بھڑکاؤ ملک و مال آتش
نادانی سے بچاؤ ورنہ روز سیاہ پیش آئے تخت و تاج خاک ہوجاے ذرا گوش
ہوش سے پنبہ غفلت دور کرو زنگیون کی بی آبروی کا ماجرا سنو حوانی کا
غرور زیبا نہین اس پیر زال چرخ نے ہزارہا نوجوانون کو چکر کھلائے کتنے

طائرون نے اسکے پاس آجانے کی پروا نکی لڑائی سے باز نہ آئی سکندر انکی دلیری سے
متحیر ہوا ہوش و حواس کی طوطی اوڑی دل مین آیا انکے معرکہ مین اپنا فال دیکھے
ایک کا نام سکندر دوسرے کا دارا کیا آخر کار جسکا نام دارا رکھا تھا اوسکی بے
پروبالی ہوئی دبک کر بہاڑ کیطرف بھاگا موت تو پنجہ جھاڑکر پیچھے لگی تھی وہان بھی
نہ بچا کسی عقاب نے چنگل مارا بہت سا پھڑپھڑایا مگر قضا سے پیش نہ گئی وجود کے
قفس سے خلاص پایا سکندر نے اس شگون سے اپنی ہمایون بختی سمجھی
کہتے ہین کہ اوس پہاڑ پر ایک متنفس طاق تھا جسکا یہ شعبدہ شہرہ آفاق تھا
کہ جو کوئی کچھ سوال کرتا وہان سے حسب حال جواب پاتا جب سکندر اوس مکان مین
در آیا عقلا سے فرمایا کہ ہماری فتح و فیروزی کے آثار دریافت کرو جواب مین
صدائے گنبد ہوئی کہ معمار ازل نے تیرے کاخ اقبال کو نہایت مستحکم بنایا ہے
یہ مژدہ پاکر بامراد معاودت فرمائی بیت الخلافت مین پہونچکر ارکان سلطنت
سے مشورت کی کہ دارا کی مدارات مین بدنامی ہے اب خراج گذاری کا ننگ
گوارا نہین ارادہ ہے کہ لشکر کشی کرون ایران بھی چہین لون بندگان درگاہ
ملتمس ہوے کہ خداوند دولت و اقبال روز افزون فرمائے ہفت اقلیم کے
تاجدارون کا سر اس استانہ پر جھکائے مگر اپنی طرف سے عزم ضرور نہین ناحق
کی کد و کاوش منظور نہین اگر وہ کج ادائی دکھلائی گردن کشی سے ادہر آئے
اوسوقت گوشمال کجی نخوت و پندار کی سزا دیجیے آیندہ جو حکم ہم فرمانبردار ہین
رنج و راحت مین خدمتگزار ہین لکھا ہے کہ سکندر سے پیشتر آئینہ شہاصورت
نمائی کا کوئی قرینہ نہتا اول جب اس خود بین کو بنایا زر و نقرہ کا قالب گلایا

دارا اور سکندر کی باہم جھگڑے کا شروع ہونا

لکھا ہے کہ ایک ہفتہ اوسی نواح مین خیمہ رہا رات شب برات دن عید تہا جشن جمشیدی اوڑتے تھے بعدہ کوچ ہوا جدہر پہونچا اوس سرزمین کی سرسبزی کی اور جہری مکانات بسائے شہر و قریہ آباد کرائے مصر کے باشندون کی زیادہ تر مدارات کی سکندریہ نام بستی آباد فرمائی عمارات عالیشان عمدہ عمدہ موقع اور محل پر بنا کے وہان سے یونان آیا لوٹ کا مال بہت کچھ ہاتہ لگا تہا جب بالخیر مکان پہونچا ہر طرف ہدیہ دوستانہ بہیجے ہر ایک کو اپنا دست قدرت دکہلایا دارا کی مدارا کا جو خیال آیا اوسے بہی اکثر تحفہ بہجوائے اس دولت خداداد پر اوس بے مدارا کی جو نگاہ پڑی اپنی ناداری سی رشک آیا ناسپاسی کی سکندر اس کج ادائی بیہودہ رکہائی سے ملول ہوا دل مین کینہ خواہی کی جگہ ہوئی اوسی وقت سی یہ فکر ہوئی کہ صدد کی گوشمالی دیجیے۔

سکندر کا شکار کو سوار ہونا اور صید مدعا کا حاصل کرنا

جسوقت شہریار والاجاہ نے دولت و حشمت لاانتہا داد الہی سے پائی اس فتح و فیروزی کے جلدو مین جشن عام کیا رنگیان تیرہ بخت کی سعی زمین سرخروئی جہلی زمانہ کی سیاہ و سفید سے بے غم ہوا ایک روز بعزم شکار گلگون صبا رفتار پر سوار دشت و کہسار کیطرف آیا نخچیر افگنی مین مصروف ہوا طائر نگاہ نے جو مرغزار پر بہار کے اطراف مین گرم پروازی کی ناگاہ دور سے اوسی مرز بوم پر دو کبک نظر آئے باہم گرم پیکار پائے بادشاہ نے جو دیکہا کہ یہ مشت پر ناحق کی بے پر اوڑا رہے ہین اونکی جانبازی دیکہنے کو گھوڑا اوڑایا

بچاہی زد خالی گئی سکندر نے غضب سے خنجر مارا مگر قضا مین کچہ دیر تہی تقدیر
سپر ہوئی دو چار وار ہوئے تھے کہ ناگاہ آفتاب جہانتاب نے آنکہہ چہپائی
شب کے سپاہی نے پلنگر کی جان بچائی

سکندر کا زنگیون پر فتح پانا مراد دلی کا حاصل ہونا

جسوقت غواص مغرب نے دریاے سپہر کے مشرقی کنارہ سے سر نکالا
لشکر سوتے سے بیدار ہوا ہنگامہ گیر و دار ہوا سکندر نے زرہ مین گرہ دی
سمند نصرت پر سوار ہوا طالع بیدار نے مبارکباد سنائی بڑی کروڑ سے
نہنگ کی صورت سالار زنگ کیطرف بڑہا پلنگر اسکے تیور دیکہکر گہبرایا
سمجہا موت نے آنکہہ دکہائی کوئی گہڑی مین گہڑیال ہے اجل سے مُنہ
چہپانے لگا مگر تقدیر نے غیرت دلائی حیا نے رخصت ندی کہ جی چراے
لاچار لشکر کے ناکے سے نکل دریاے وغا مین در آیا سکندر نے بامراد جو
پائی ناخداے حقیقی کی یاد کی باڑہ دار جہازی کا جو وار کیا ہر روز کی کشمکش کا
جہگڑا مٹا بکہیڑی کا بیڑا پار کیا پلنگر کا لنگر قائم نرہا صرصر اجل کے جہونکے سے
رشتہ حیات ٹوٹا کنار کامیابی ہاتہ سے چہوٹا سکندر نے دشمن کو دریاے
فنا مین غرق آب پاکر فوج کو حکم دیا کہ تلاطم مچا مین یہ سنتے یکبارگی تیر و
کمان کی جو بوچہار ہوئی سقف فلک سے خون ٹپکنے لگا ہولی کی کیفیت
بہولی جدہر نگاہ جاتی تہی کوسون خون کی کثرت سے دشت و صحرا مین
عبیر و گلال کے کہتے نظر آتے تہے دو چار چینٹ خون کی جو اوس ہنگامہ
مین آسمان پر جا پڑین تہین اوسکا داغ آجتک نہین مٹا شفق ہو کر عیان ہے

میدان کارزار کا سامنا ہوا قضا آشکار ہوئی دونون جانب سے صف آرائی ہوئی
سکندر کے دل مین یہ بات جمی کہ زنگ کی جنگ سے اپنے لشکر کا رنگ اوڑا ہوا ہے
چہرہ فق ہین صورت پر کدورت چھائی ہے منہ بگاڑے کھڑے ہین اسنے
کیا بناؤ ہونا ہے بہتر ہے کہ خود بخت آزمائی کرون پس آئین دارائی لباس
نبرد آزمائی تن زیب کیا چارخانہ عنصر کو زرہ سے چھپایا خود فولاد زیب سر
شمشیر دوزبان رونق کمر کمان کیانی دوش رعنا پر ڈال تیر و ترکش سنبھال
میدان مین آیا جدہر آنکھ اوٹھاتی عدو کے نگاہ مین بجلی گری نگاہ قہر آلود
مخالفون کے دل مین برچھی سی گڑی تیغ خارا شگاف خون برساتی تھی دریا
خون روان ہوا جلاد فلک کا دل اس مار دھاڑ مین ڈوب گیا دشمنون کا
ایک جا جمنا دشوار تھا تلوار کے گھاٹ سے لہو آشکار تھا پلنگ نے جو یہ تمام
اپنی فوج کا حال درہم پایا یار و آشنا سے لون تر زبان ہوا کہ ننگ اجل
کے روبرو اس ہاہی بے آب کو مگر اسکی قضا کھینچ لائی ہے اب ہم جانی ہین
اس نقش بر آب کو مٹاتے ہین یہ کہکر حباب کے مانند خودی کا خود پر سر
کج کر صف سے باہر آیا پکارا کہ ای کنار کا میابی ندیدہ کیا شور اوٹھایا ہے
سلامتی کا ساحل ہاتھ سے چھوڑ آیا ہے اگر نبرد آزمائی کی لہر آئی ہے ہماری رو
ہو ہر کس و ناکس سے اٹک کر بی آبرو نہو اس کلمہ زنی سے سکندر نے
پیچتاب کھایا درجواب فرمایا کہ ابر غرآن کی بارش معلوم لاف زنی چھوڑ
چھوٹے منہ بڑی بات زیبا نہین بڑے بول کا سر نیچے ہوتا ہے یہ سنکر
وہ تیرہ اختر بیقرار ہوا گھوڑا دوڑا تلوار کا وار کیا حفظ الٰہی نے صاف

و آشتی سے دل برخاستہ ہوا زنگی کیطرف سے ایک کوہ پیکر بدا خترنبد انجام زراچہ نام
صف سے نکلا سر تا پا لوہے مین غرق آہنی پہاڑ کا آثار آنکھون سے خون برستا رعد سا
گرجتا میدان مین آکر للکارا کہ جسے آرزوے مرگ ہو میرے روبرو آئے زندگی کی قید سے
نجات پائے اس صدا کے سنتے ایک رومی نے قدم اوٹھایا دعوے تو یہ تھا کہ مخالف
کی گوشمالی کرے مگر قضا نے اولے ٹکلا دبایا دوسرے کی باری آئی اوسنے بھی
منہ کی کھائی تیسرے نوجوان نے گھوڑا اوڑایا پچھلے ماروں کے انتقام پر آیا
قضا نے ہمدمی کا سررشتہ دکھلایا دم دہا گے مین بھسا اجل کے جال مین الجھایا
غرضکہ اوس یکہ سوار نے ستر جرار زیر شمشیر کیے رومی نبرد سے لاچار سر بگریبان
ہوے زنگی کے شوخ دیدہ قہر کی چتون جو دیکھی لڑنا درکنار آنکھ ملانے سے چشم پوشی
کی سرکشون کا سر اسیمہ حال ہوا سر اپچون سے سر نکالنا محال ہوا ساری فوج
بے سر ہوگئی سکندر نے فوج کو جو سر افگندہ پایا سر بسر بے سروسامانی کا سر انجام
نظر آیا سمند صرصر قدم صبادم پر سوار ہوکر مخالف سے جا دو چار ہوا یہ کلمہ زبان
پر آیا کہ اے سیہ روما کے لاف و گزاف ہے یہ ہنگام تنگ و ناموس میدان
مصاف ہے خبردار ہو کہ قضا کا زمانہ قریب آیا یہ کہکر گھوڑا اوڑایا پاس پہونچکر
گرز خارا شگاف جو سر پر مارا ذرا نہ فرق آیا یہیجا سر سے سرک کر بر سر زمین آیڑا
دوسرے بدسر کے قدم میدان مین آئے کہ بھائی کا بدلا لیوے مگر قضا کو یہ بے ادبی
نبھائی گردن اوٹھاتے نیچا دکھلایا اسی زد و کشت مین دو چار مرگ طلبگار جو
دو چار ہوے فی النار و السقر جہنم پار ہوے ناگاہ شام ہوئی رو سیاہون نے
جان بچائی طرفین کے لوگ خیمہ مین آئے تمام شب استراحت رہی صبح ہوئے پھر

یہی معرکہ ہی مگر گھبرانے کا مقام نہین ثابت قدمی چاہیئے دل نہ ہارئے خدا ناصر ہے
تدبیر شرط ہے اپنی یہ صلاح ہے کہ دو چار زنگی اسیر کیے جاین جب حضور مین
آین بادشاہ حکم فرماتے ایک خود سر کا سر کاٹا جاے باورچی کو ایما ہو کہ اوسکی جگہ پر
بکری کا کلیجہ پکاکر دسترخوان پر لگائے جب خورش روبرو آئی حضور فرمائین کہ واہ
کیا عمدہ غذا ہے جسوقت یہ خبر زنگیون کو ملیگی ہمارا خوف کہا نیگے اونکی بھی ہاتہ پیر
ڈہیلے ہوجانیگے شہریار بیدار دل نے یہ تدبیر منظور کی فرمان برداروں نے گہات
لگا دو چار زنگی گرفتار کر حاضر کیے جسوقت شہریار کے حضور مین آئے ایک کا سر اڑایا
مطبخ بہجوایا دسترخوان جب روبرو آیا بکری کا بہجا باورچیون نے چن دیا بادشاہ
نے نہایت خوش دماغی سے نوش فرمایا اور کہا سبحان اللہ کیا لمکین کباب ہے
دنیا کے گوشتون مین انتخاب ہے قیدیان زنگ اس نیرنگ سے گھبرائے
رہائی پاتے اپنے لشکر مین جا چلائے کہ رومی بادلم کے طور پر ہمارا بہیجا کہاتے ہین
زنگیون کا کباب لگاتے ہین یہ چرچا جا بجا جا پہونچا جسکے کان مین یہ بہنک پڑی
اوسکے ہاتہ پیر سست ہوے چار و نطرف یکایک یہ آوازہ پڑ گیا کہ رومیون نے
کیسی نزد ماری ہر ایک کے حواس خمسہ پریشان ہوے چہکے چھوٹے خوف و ہراس
نے ہر شخص کا کلیجہ دہلا

اب لڑائی کا بیان ہے خونریزی کی داستان ہے

جسوقت شہسوار مشرق نے اپنی چمک دمک دکہلائی سکندر نے بڑی کلغی سجائی
فوج کا پرا جمایا نقیب نے تہمتنون کی دل بڑہائے باجے بجنے لگے کوس و بوق
کے گرج نے گنبد گردون مین شور ڈالا دونون جانب سے تیاری ہوئین صلح

ابھی لڑائی مین درنگ کیجیے اگر میٹھی باتون سے وہ بدقوام ریوڑی کی سیر مین
آجاے دل کے اندر سے صفائی دکھلاے تو ناحق کیون زہر دیجیے بندگان
خدا کا خون کیجیے - طوطیانوش نامے ایک رومی نژاد ایلچی گری مین نہایت
اوستاد تہا اوسے طلب فرماکر کہا کہ لشکر زنگ کی راہ لے وہان پہونچکر ایسی
نیرنگ سازی کر کہ مخالف بازی کہا جائین ہماری سازگاری کی خواہش دکہلائین
حسب الحکم طوطیانوش روانہ ہوا بیچارہ کو یہ پیام سفر اجل کا بہانہ ہوا مخالف
کو جانسنایا کہ سکندر سے رزم آوری مین سود نہین ناحق کو خانمان برباد کرنا حماقت
مین بہبود نہین اپنی جان پر بیداد کر شاہ زنگ نے یہ تازہ اہنگ جو سنا
داغ مین گرمی چہائی دون کی سمائی پیچ وتاب جو آیا طوطیانوش کے خون کا
حکم فرمایا اشارہ ہوتے طشت وخنجر روبرو آیا خونخوارون نے اوسکا لہو بہایا
اپنے سالار کو نوش کرایا ہمراہیون نے جو یہ خون چشی دیکہی بدن مین خون خشک
ہوگیا یہ خبر سکندر کو پہونچائی سکندر کو بدرجہ ملال ہوا غصہ سے آنکہین لال
ہوگئین شجاعت کے خون نے جوش مارا جیون تیون رات کاٹی صبح ہوتے
لڑائی ہوئی بخت آزمائی کی ٹہہری مگر رومیون کو روز سیاہ پیش آیا طوطیانوش
کے خونریزی سے ہر ایک کے دل مین خوف چہایا تہا ہر شخص کا دل بیٹہا
جاتا تہا کسی کے پیر نہ اوٹہتے تہے ڈر کے مارے بے مارے مرتے تہے سکندر
نے جو سپاہ کی بددلی دیکہی کلیجہ کانپا سردست کوئی منصوبہ ہاتہ نہ آیا ارسطو
سے فرمایا کہ لشکر کا کلیجہ پانی ہے ساری فوج مین بزدلی چہائی ہے اب کوئی
فتح کا پہلو سوچنا ضرور ہے ورنہ پیر اوکہڑ جائینگے وزیر نے عرض کی درحقیقت

تباہ کیے جیسے ان سیہ بختون کا دل کالے بادل کیطرح اس گرد و نواح مین
اُمڈا ہے بیابان تیرہ و تار ہوا مورکا گذر دشوار ہے اس اندھیر سے صاف
روشن ہے کہ اگر بادشاہ نے اونکی خبر نہ لی کالا منہ نہ بنایا عنقریب ممالک محروسہ
کے دھوین اوڑا ینگے رفتہ رفتہ روم مین آگ لگا ینگے بادشاہ کی عیش و عشرت
اس خبر سے تلخ ہوئی نہایت گھبرایا ارسطو سے راز دل بیان فرمایا اوسنے
جوابدیا کہ بادشاہون کو رزم و بزم یکسان ہے حافظ حقیقی نگہبان ہے
اگر اس معرکہ سے سرخرو کی ہوئی مخالفون کے دل مین اپنا رنگ جمے گا
سکندر نے وزیر کی نصیحت مانی چڑھائی کی لڑائی دل مین ٹھانی لشکر جرار
یلان آزمودہ کار کو ساتھ لیا ہر ایک کو ساز و سامان دیا فوج کا دل بڑھایا
پست ہمتون کی جرات بڑھی سفینہ دل مین یہ لہرائی کہ دریائی نیل سے
راہ لیجئے آخر مع فوج ظفر موج بسواری کشتی دریا مین در آیا ناخدائے
حقیقی نے بیڑا پار لگایا کنارہ مدعا سے آشنا ہوکر بیابان مین آ کے خیمہ لگائے
سفر کے درماندہ درماندگی دفع کرنے لگے گرم استراحت ہوئے ناہید نوشی
کا بازار گرم ہوا۔

طوطیا نوش کا ایلچی بنکر رنگیون کے پاس جانا اور اجل کا پیام لانا

دم سحر شاہ فیروز اختر سکندر نے بڑے کروفر سے سر میدان جلوہ گر ہوکر
صف آرائی کی مردان کار آزمائے پر اجیا کاوہ اٹیرن لگانے لگے ابلق
سبل و نہار کو اپنی چستی و چالاکی سے شرمانے لگے قبل از جنگ سکندر
کی یہ صلاح ہوئی کہ اول کسی شخص تیز فرہنگ کو سالار رنگ کی روبرو بھیجئے

جلوس کرنا سکندر کا تخت پر اور زنگیون کا شور و شر

تازہ کنندگان حکایت کہن یون تحریر فرماتے ہین کہ جسوقت فیلقوس نے اس دارفنا پایدار سے کوچ فرمایا سکندر کے حصہ مین تخت و تاج آیا سکہ سکندری کا رواج ہوا کھوٹے کھرے کا چال چلن پر کہنے لگا باپ کے قانون کا پابند رہا پارینہ رسوم نہ بھولی عدل و داد کا چرچا بڈھا یا شیر و بکری کو ایک گھاٹ پانی پلایا چور کے نام و زد خاتک کے ہاتہ باندہی جاتی تہی دزد و رہزن مسافرون کی نگہبانی کا ٹھیکہ پاتی تہے ارسطو کی وزارت سے سلطنت کی رونق بڈہی سکندر کی فر و شکوہ کا شور نزدیک و دور پہونچا دشمنون کے جی مین رعب سمایا کسی نے سر نہ اوٹہایا سبحان اللہ ؎ وزیری چنین شہریاری چنان ٭ اب کیا پوچہنا تہا دن عید رات شب برات تہی عیش و عشرت سے بسر اوقات تہی زمانہ کی فکر سے آزاد تہی لالہ عذاران شمشاد قد کی صحبت سے شادی تہی ۔

فریاد خواہ ہونا مصر والون کا زنگیون کی جور و جفا سے

ایک روز فرحت اندوز شہریار بلند وقار نے جشن خسروی کا انتظام کیا پری رخان زہرہ لقا کی آمد ہوئی دختر رز نے وہ نشیلی چتون دکہلائی کہ زاہدان صد سالہ کا ہوش رم ہوا اقلیم مینا کے شور سے چار قل بہولا تہا راجہ اندر کے اکہاڑے کا سماں تہا پری جمالون کی غنچہ من گلچہری اوڑا رہا تہا ناگاہ عین اسی ہنگامہ نرم مین چند مصری تلنگ گردش ایام کے ستائے سر دربار پاکر اپنے ادبار کا اظہار کرنے لگے کہ زنگیون نے ہمارے زن بچہ

تباہ کیے جیسے ان سیہ بختون کا دل کالے بادل کیطرح اس گرد و نواح مین
اُمڈا ہے بیابان تیرہ و تار ہوا امور کا گذر دشوار ہے اس اندھیر سے صاف
روشن ہے کہ اگر بادشاہ نے اونکی خبر نہ لی کالا منہ نہ بنایا عنقریب ممالک محروسہ
کے دھوین اوڑا ینگے رفتہ رفتہ روم مین آگ لگا ینگے بادشاہ کی عیش و عشرت
اس خبر سے تلخ ہوئی نہایت گھبرایا ارسطو سے راز دل بیان فرمایا اوسنے
جواب دیا کہ بادشاہون کو رزم و بزم یکسان ہے حافظ حقیقی نگہبان ہے
اگر اس معرکہ سے سرخرو کی ہوئی مخالفون کے دل مین اپنا رنگ جمے گا
سکندر نے وزیر کی نصیحت مانی چڑھائی کی لڑائی دل مین ٹھانی لشکر جرار
یلان آزمودہ کار کو ساتھ لیا ہر ایک کو ساز و سامان دیا فوج کا دل بڑھایا
پست ہمتون کی جرات بڑھی سفینہ دل مین یہ لہرائی کہ دریا مین پل سے
راہ لیجئے آخر مع فوج ظفر موج بسواری کشتی دریا مین در آیا ناخدائے
حقیقی نے بیڑا پار لگایا کنارہ مدعا سے آشنا ہو کر بیابان مین آئے خیمہ لگائے
سفر کے درماندہ درماندگی دفع کرنے لگے گرم استراحت ہوئے ناؤ نوشی
کا بازار گرم ہوا۔

طوطیا نوش کا ایلچی بنکر زنگیون کے پاس جانا اور اجل کا پیام لانا

دم سحر شاہ فیروز اختر سکندر نے بڑے کروفر سے سر میدان جلوہ گر ہو کر
صف آرائی کی مردان کار آزمائے پر اجمایا کاوہ اٹیرن لگانے لگے ابلق
لیل و نہار کو اپنی چستی و چالاکی سے شرمانے لگے قبل از جنگ سکندر
کی یہ صلاح ہوئی کہ اول کسی شخص تیز فرہنگ کو سالار زنگ کی روبرو بھیجے

جلوس کرنا سکندر کا تخت پر اور زنگیون کا شور و شر

تازہ کنندگان حکایت کہن یون تحریر فرماتے ہین کہ جسوقت فیلقوس نے اس دارفنا پایدار سے کوچ فرمایا سکندر کے حصہ مین تخت و تاج آیا سکہ سکندری کا رواج ہوا کھوٹے کھرے کا چال چلن پر کہنے لگا باپ کے قانون کا پابند رہا پارینہ رسوم نہ بھولی عدل و داد کا چرچا بڈھا یا شیر و بکری کو ایک گھاٹ پانی پلایا چور کے نام دزد خاتک کے ہاتہ باندہی جاتی تہی دزد و رہزن مسافرون کی نگہبانی کا ٹھیکہ پاتی تہے ارسطو کی وزارت سے سلطنت کی رونق بڈہی سکندر کی فروشکوہ کا شور نزدیک و دور پہونچا دشمنون کے جی مین رعب سمایا کسی نے سر نہ اوٹہایا سبحان اللہ


ے وزیری چنین شہریاری چنان ۔ اب کیا پوچہنا تہا دن عید رات شب برات تہی عیش و عشرت سے بسر اوقات تہی زمانہ کی فکر سے آزادی تہی لالہ عذاران شمشاد قد کی صحبت سے شادی تہی ۔

فریاد خواہ ہونا مصر والون کا زنگیون کی جور و جفا سے

ایک روز فرحت اندوز شہریار بلند وقار نے جشن خسروی کا انتظام کیا پری رخان زہرہ لقا کی آمد ہوئی دختر رز نے وہ نشیلی چتون دکہلائی کہ زاہدان صد سالہ کا ہوش رم ہوا عقل منا کے شور سے چار قل ہولا تہا راجہ اندر کے اکہاڑے کا سماں تہا پری جمالون کی غنچہ من گلچہری اوڑا رہا تہا ناگاہ عین اسی ہنگامہ بزم مین چند مصری تلخکام گردش ایام کے ستائے سر دربار پاکر اپنے ادبار کا اظہار کرنے لگے کہ زنگیون نے ہمارے زن بچہ

آغاز داستان سکندر کی ولادت کا بیان

راویان شیرین زبان اور حاکیان سحر بیان نے اس داستان حیرت افزا کو
یون بیان کیا ہے کہ روم مین ایک بادشاہ تہا فیلقوس نام عدل و سخا مین
برگزیدۂ آنام اوسکے محل مین ایک حسینہ تہی مہ جبین غیرت بستان لندن
وچین سرو قامت خورشید دیدار حور طلعت پری رخسار پادشاہ بشدت اوسپر
فریفتہ تہا ایک روز جوش جوانی مین ہم آغوش فرمایا بیدار بختی کے دن
قریب تھے برج حمل مین خورشید تابان ہوا آثار استبنی نمودار ہوئی نو مہینے
کے بعد خوشی کی گھڑی آئی لڑکا پیدا ہوا ؎ جسے دیکھہ پیر فلک نے پکارا
مجسم یہ اقبال پیدا ہوا ہے ۔ منجمون نے زائچہ بنا عرض کیا کہ بہ شش و پنج
ہر ہفت ستارہ سے ثابت ہے کہ چار دانگ عالم کا فرمان روا ہو
شہریارون کی دارائی کا غرور دور کرے گردن کشون کا سر جہکائے بحر و بر مین
سکہ بٹہائے فیلقوس نے دل شاد ہوکر سکندر نام رکہا پرورش ہونے لگی
ہونہار کب چہپے رہتے ہین ؎ سالے کہ نکوست از بہارش پیداست
مہد سے اوترے گہوڑی کی سواری فرمائی دشت و صحرا کی ہوا کہائی تھوڑے
حکیم تربیت اور تعلیم پر مامور ہوا سلطنت کے ڈہنگ فرمان روائے کے
قواعد سکہلائے اوسکا بیٹا ارسطو بہی ہم مکتب تہا باہم مباحثہ رہتا اوستاد نے
جب تشخیص کی کہ اقبال سکندری کا وہ عروج ہو کہ مشترک ضرب المثل
رہے شاہزادہ سے کہا کہ جب تخت خلافت ہاتہ آئے ارسطو کی وزارت
فرمائی جاے سکندر نے اس عہد پر سوگند کہائی حلف درمیان آئی ؛



بسم اللہ الرحمن الرحیم

خامہ مقطوع اللسان کی مجال نہین کہ خداوند دو جہان کے حمد و ثنا مین ایک حرف زبان پر لائے اور معترف بقصور ہوکر روسیاہی سے سر نجھکائے جل جلالہ وعم نوالہ عجیب عجیب اوسکی قدرت کی کارخانہ ہین جہان کی دارائی اوسیکو زیبا ہے جدہر چشم لطف سے نگاہ ہوئی اوسے سکندر بنایا اوسکی ادراک حقیقت مین فہم و خرد ہوش و تمیز سے بیگانہ ہین۔ اما بعد عاصی گوکل چند شاد ولد منشی گوردیال بن منشی شیو پرشاد قوم کایتہہ سری باستکہرہ ملتمس ہے کہ کل جدید لذیذ پر خیال کرکے عالم خانہ پیشینی مین سکندر نامہ کا ترجمہ جو بھاکا خلاصہ مدعا زیر قلم لایا ارباب شوق سے التجا ہے کہ حرف گیری نہ فرمائین اپنی بزرگی پر جائین الانسان مرکب من الخطا والنسیان مشہور ہے ؎

بپوشش گر نجطائی رسی وطعنہ مزن کہ ہیچ نفس بشر خالی از خطا نبود

Karnama Sikandaree



Kārnāmah-ē- Sikandarī.